آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 14 جون 2020ء بمطابق 20 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 164

(سلوگن) بلوچستان حکومت کرونا وائرس کی تباہ کاریوں اور درپیش عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہے، لاک ڈاؤن میں نرمی کا مقصد انسانی ضروری معاملات متاثر نہ ہوں اس لیے ہم پر لازم ہے کہ احتیاطی تدابیر اپنا کر زندگی کو مزید پیچیدہ نہ بنائیں۔

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

احساس پروگرام میں ہونے والی کرپشن کی فوری تحقیقات کی جائیں، اپوزیشن جماعتوں

ملک کے موجودہ سیلیکٹڈ حکمرانوں اور نیب کے گٹھ جوڑ سے ملک کی اپوزیشن پارٹیوں کے رہنماؤں کے خلاف احتساب کے نام پر انکی تضحیک اور کردار کشی قابل مذمت ہے

حکومت ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے موثر اور جامع اقدامات اٹھائے اور ہر قسم کے وسائل بروئے کار لاکر جہازوں کے ذریعے فضائی سپرے کیا جائے، رہنماؤں عبدالرحیم زیارتوال، نواب اسلم رئیسانی اور دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان کی اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں نے احساس پروگرام کے نام پر اربوں روپے کی کرپشن کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ احساس پروگرام میں ہونے والی کرپشن کی فوری تحقیقات کی جائیں، ملک کے موجودہ سیلیکٹڈ حکمرانوں اور نیب کے گٹھ جوڑ سے ملک کی اپوزیشن پارٹیوں کے رہنماؤں کے خلاف احتساب کے نام پر انکی تضحیک اور کردار کشی قابل مذمت ہے، حکومت ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے موثر اور جامع اقدامات اٹھائے اور ہر قسم کے وسائل بروئے کار لاکر جہازوں کے ذریعے فضائی سپرے کیا جائے، نااہل و ناکام حکومتوں کی غفلت اور لاپرواہی، بدانتظامی اور وباء بقیہ نمبر2 صفحہ3 پر

لاہور: وزیراعظم عمران خان گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور اور وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار ایوان وزیراعلیٰ میں منعقدہ اجلاس میں شریک ہیں

اب سختی کرنے کا وقت آگیا، سلیکٹو لاک ڈاؤن کرکے علاقوں کو بند کریں گے، وزیراعظم

باقی صوبوں کے بھی دورے شروع کر رہا ہوں، وزیراعظم ہاؤس میں بیٹھ کر مانیٹرنگ کروں گا، عوام نے احتیاط نہیں برتی، آنے والے دنوں میں مسئلے مسائل بڑھنے والے ہیں، ٹائیگر فورس کا بہت اہم کردار ہے، اس کی ذمہ داری بڑھنے والی ہے

کورونا کے لئے وسائل مختص کرنے کی وجہ سے ہمیں بجٹ بنانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے' انتظامیہ اور پولیس اتنا بڑا بوجھ نہیں لے سکتی، ہمیں اور رضا کار لینا پڑیں گے، ٹائیگر فورس کی تعداد کو بڑھانا پڑے گا

کورونا کے لئے وسائل مختص کرنے کی وجہ سے ہمیں بجٹ بنانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے، لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کے بعد قوم سے خطاب / یاسمین راشد، ہاشم جواں بخت، عثمان ڈار، فیصل سلطان کی بھی گفتگو

لاہور(این این آئی)وزیراعظم عمران خان نے واضح کیا ہے کہ کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کرانا کیلئے اب ہمیں سختی کرنا پڑے گی مکمل لاک ڈاؤن نہیں کیا جائے گا سلیکٹو لاک ڈاؤن کریں گے ہاٹ سپاٹ کو ٹریس کریں گے اور ان علاقوں کو بند کریں گے، باقی صوبوں کے بھی دورے شروع کر رہا ہوں اور وزیراعظم ہاؤس میں بیٹھ کر مانیٹرنگ کروں گا، افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ عوام نے احتیاط نہیں برتی اور آنے والے دنوں میں مسئلے مسائل بڑھنے والے ہیں، ٹائیگر فورس کا بہت اہم کردار ہے اور آنے والے دنوں میں اس کی ذمہ داری بڑھنے والی ہے، کورونا کے لئے وسائل مختص کرنے کی وجہ سے ہمیں بجٹ بنانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے، انتظامیہ اور پولیس اتنا بڑا بوجھ نہیں لے سکتی اس لئے ہمیں اور رضا کار لینا پڑیں گے اور ٹائیگر فورس کی تعداد کو بڑھانا پڑے گا، وہ بقیہ نمبر1 صفحہ3 پر

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں، ضیاء اللہ لانگو

عوامی مفاد کے ان ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ(خ ن)صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں، ان منصوبوں کی مقررہ ٹائم لائن کے اندر تکمیل کو یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے متعلقہ بقیہ نمبر4 صفحہ3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد نے جعفر آباد میں بڑھتی ہوئی کرائم کا نوٹس لے لیا

کوئٹہ(این این آئی)ڈی آئی جی نصیر آباد رینج شباب عظیم لہڑی کی آفس سے جاری کردہ بیان کے مطابق ڈی آئی جی پولیس بقیہ نمبر17 صفحہ3 پر

عوام کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے مکمل طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کریں

کوئٹہ (آن لائن)مسلم لیگ(ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمان، آغا عمر شاہ، جنرل بقیہ نمبر16 صفحہ3 پر

کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق جناح ٹاؤن کوئٹہ کے علاقے بقیہ نمبر18 صفحہ3 پر

ژوب کے بیکری مالکان سے رجسٹریشن کے نام پر ایک ایک بیکری سے ہزاروں روپے لے گئے

ژوب (آن لائن)محکمہ سمال انڈسٹریز کے آفیسر نے ژوب کے بیکری مالکان سے رجسٹریشن کے نام پر ایک ایک بیکری سے بقیہ نمبر27 صفحہ3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز کے 3 الگ الگ آپریشنز میں 4 نوجوان شہید

سرینگر(این این آئی)مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز کی جارحیت کا سلسلہ نہ رک سکا، 3 مختلف آپریشنز میں 4 نوجوانوں کو شہید کردیا بقیہ نمبر19 صفحہ3 پر

وفاقی دارالحکومت دو کنال سے زائد کے مکانات پر لگژری ٹیکس عائد

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 2 کنال سے 4 کنال کے مکانات پر ایک لاکھ روپے فی کنال ٹیکس بقیہ نمبر20 صفحہ3 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی حکومت کے خلاف توہین عدالت کیس پر فیصلہ محفوظ کرلیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری ماحولیاتی تبدیلی اور چیئرمین سی ڈی اے کے خلاف بقیہ نمبر22 صفحہ3 پر

قوم کو خبردار کر رہا ہوں حکومت منی بجٹ لائے گی، چور دروازے سے مزید ٹیکس لگائے گی، شہباز شریف

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ میں بنیادی بقیہ نمبر21 صفحہ3 پر

شوگر ملز ایسوسی ایشن نے حکومت کو چینی 70 روپے فی کلو کی پیشکش کردی ہے، شہباز گل

اصل لاگت عوام کے سامنے رکھیں گے اور درست قیمت طے کرنی پڑے گی، معاون خصوصی

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ شوگر ملز ایسوسی ایشن نے حکومت کو چینی 70 روپے فی کلو کی پیشکش کردی ہے تاہم اصل لاگت عوام کے سامنے رکھیں گے اور درست قیمت طے کرنی پڑے گی۔ اپنی ٹوئٹ میں شہباز گل نے کہا کہ شوگر ملز ایسوسی بقیہ نمبر15 صفحہ3 پر

مقامی حکومتوں کے نظام کو جلد از جلد فعال کرنے کیلئے انتخابات کے انعقاد کے انتظامات مکمل کیے جائیں، وزیراعظم

انتظامی اور قانونی انتظامات مستعدی سے کیے جا رہے ہیں، مقامی حکومتوں کے انتخابات مقررہ وقت پر منعقد کیے جائیں گے، بریفنگ

لاہور(این این آئی)وزیراعظم عمران خان کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں مقامی حکومتوں کے نظام بارے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار، صوبائی وزرا اور سینئر افسران شریک ہوئے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ مقامی حکومتوں کے نظام کو جلد از بقیہ نمبر13 صفحہ3 پر

رات کو نوٹیفکیشن جاری، دن دوپہر نوٹیفکیشن واپس لیا گیا کون سی قیامت آگئی ہے جو نوٹیفکیشن واپس لیا گیا، رحیم کاکڑ

کوئٹہ(این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کے زیر صدارت ایک اہم ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں حضرت علی اچکزئی، سید عبدالقیوم آغا، میر یاسین مینگل، آل بلوچستان ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر سید علی اچکزئی، سرور رازق پشتون، ملک بلوچ، سلطان خلجی، ولایت اللہ، حاجی عبدالباری بقیہ نمبر14 صفحہ3 پر

اسلام آباد: امیر جمعیت علماء اسلام پاکستان مولانا فضل الرحمن سے پاکستان میں تعینات افغان سفیر عاطف مشعل ملاقات کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان نے ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کھولنے سے متعلق جاری کیا گیا نوٹیفکیشن واپس لے لیا

کوئٹہ (آن لائن)حکومت بلوچستان نے ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کھولنے سے متعلق جاری کیا گیا نوٹیفکیشن واپس لے لیا محکمہ داخلہ و قبائلی امور کے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ حکومت بلوچستان نے گزشتہ روز ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کھولنے سے متعلق جاری کیا گیا نوٹیفکیشن واپس لے لیا ہے جسے محکمہ داخلہ وقبائلی امور کی جانب 11 اتفاقی ایس بقیہ نمبر12 صفحہ3 پر

ملتان: وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی ملتان کی یونین کونسلوں کے ٹائیگر فورس کے جوانوں سے ویڈیو لنک خطاب کر رہے ہیں

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا آئندہ مالی سال 21-2020 کے بجٹ پر اپوزیشن کے رویہ پر تشویش کا اظہار

کاش اپوزیشن کا رویہ سنجیدہ ہوتا، حکومت نے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا عوام پر بے جا بوجھ نہیں ڈالا

مزید رعایت حاصل کرنے کیلئے ہماری توجہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی طرف مرکوز ہے، بیان

اسلام آباد(این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے آئندہ مالی سال 21-2020 کے بجٹ پر اپوزیشن کے رویہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاش اپوزیشن کا رویہ سنجیدہ ہوتا، حکومت نے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا عوام پر بے جا بوجھ نہیں ڈالا، ماضی کی حکومتوں کیلئے لیے گئے قرضہ جات پر سود کی ادائیگی میں ہمارے بجٹ کا بہت بڑا حصہ صرف ہوتا ہے۔ جی 20 اور پیرس کلب نے ہمیں کچھ رعایت دی ہے جس پر خوشی ہے مزید رعایت حاصل کرنے کیلئے ہماری توجہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی طرف مرکوز بقیہ نمبر11 صفحہ3 پر

وزیراعظم کا احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے تحت ضرورتمند افراد میں رقوم کی منتقلی کے لیے قائم شدہ سنٹر کا دورہ

معاون خصوصی ثانیہ نشتر نے وزیراعظم کو بریفنگ دی، وزیراعظم نے سنٹر پر موجود افراد سے بھی بات چیت کی

لاہور(این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے لاہور میں احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے تحت ضرورتمند افراد میں رقوم کی منتقلی کے لیے قائم شدہ سنٹر کا دورہ کر کے کیش کی منتقلی کے عمل کا جائزہ لیا۔ معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے وزیراعظم کو بریفنگ دی۔ وزیراعظم کو بتایا بقیہ نمبر10 صفحہ3 پر

بھارتی عزائم کے باوجود دفاعی اخراجات کی مد میں اضافہ نہیں کیا، وزیر خارجہ

افواج پاکستان نے معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہمارے ساتھ بے پناہ تعاون کیا ہے، پیسے کا ضیاع روکا جائے بے معیشت کو دوبارہ بحال کیا جائے

ان مشکل حالات میں انتہائی مناسب، حوصلہ افزاء اور پرامید بجٹ دینے پر میں وزیر خزانہ اور ان کی پوری معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، گفتگو

ملتان(این این آئی)وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہم نے بھارت کے عزائم کو جانتے کے باوجود دفاعی اخراجات کی مد میں اضافہ نہیں کیا تاکہ لوگوں پر زیادہ بوجھ نہ پڑے اس سلسلے میں افواج پاکستان نے معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہمارے ساتھ بے پناہ تعاون کیا ہے، ہماری کوشش ہے پیسے کا ضیاع روکا جائے بے معیشت کو دوبارہ بحال کیا جائے، بے روزگاری کو ایک حد سے زیادہ بڑھنے نہ دیا جائے، ان مشکل حالات میں انتہائی مناسب، حوصلہ افزاء اور پرامید بجٹ دینے پر میں وزیر خزانہ اور ان کی پوری معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ قومی اسمبلی میں آئندہ مالی سال کے لئے پیش کئے بقیہ نمبر3 صفحہ3 پر

آئندہ مالی سال کیلئے دفاعی بجٹ کی ڈیمانڈ 1493 ارب روپے تھی، حماد اظہر

بجٹ دستاویز کے مطابق نئے مالی سال کے لیے وفاقی بجٹ کی حد 1340 ارب تھی جو 50 ارب روپے کم کر کے 1290 ارب روپے رکھی گئی

افواج پاکستان کے مشکور ہیں کہ انھوں نے حکومت کی کفایت شعاری کی کوششوں میں بھرپور تعاون کیا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے لیے دفاعی بجٹ کی ڈیمانڈ 1493 ارب روپے تھی۔ بجٹ دستاویز کے مطابق نئے مالی سال کے لیے وفاقی بجٹ کی حد 1340 ارب تھی جو 50 ارب روپے کم کر کے 1290 ارب روپے رکھی گئی۔ اسلام آباد میں پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کرتے ہوئے حماد اظہر نے کہا کہ کورونا سے پہلے فروری میں ایکسپورٹ میں 14 فیصد اضافہ ہوا تھا اور ہمارا پہلا ہدف تھا کہ معیشت کو استحکام دیں۔ انہوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں، اسٹیٹ بینک کی جانب سے کاروباری برادری کے لیے اسکیموں کا مثبت رد عمل آیا جبکہ چھوٹے کاروباری افراد کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کیلئے 50 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں ترقیاتی پروگرام میں 100 ارب روپے اضافہ کیا، آئندہ مالی سال کے لیے دفاعی بجٹ کی ڈیمانڈ 1493 ارب روپے تھی، بجٹ دستاویز کے بقیہ نمبر9 صفحہ3 پر

پختونخوا شاہراہیں علاقے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، نور محمد دمڑ

وفاقی بجٹ عوام دوست بجٹ ہے جس میں ہر شعبے کی ترقی کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

شاید ماضی میں زیارت و ہرنائی کے وفاق کی جانب سے کبھی بھی اتنا فنڈز کبھی نہیں ملا ہوگا' صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای و واسا حاجی نور محمد دمڑ نے وفاقی بجٹ میں بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے سابق ادوار حکومتوں میں مسلسل نظرانداز کرنے کا ازالہ کر کے صوبے اور خصوصاً حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی کے بڑے بڑے ترقیاتی منصوبے جو کہ تقریباً 18 ارب 27 کروڑ روپوں سے زائد کے وفاقی پی ایس ڈی پی 2021-2020 میں شامل کئے گئے حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کئے جانے والے ترقیاتی منصوبوں میں ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ ہرنائی تا ٹک موڑ ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ و ہرنائی تا سنجاوی 8 ارب 37 کروڑ، زیارت کوئٹہ قومی شاہراہ و خانی کراس تا زیارت تقریباً مالیت 6 ارب 93 کروڑ روپے، زیارت ٹاؤن پیکج مالیت 2 ارب 97 کروڑ روپے کے علاوہ صوبے کے دیگر بڑے بڑے پروجیکٹ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل ہے شاید ماضی میں زیارت و ہرنائی کے وفاق کی جانب سے کبھی بھی اتنا فنڈز کبھی نہیں ملا ہوگا ہرنائی بقیہ نمبر5 صفحہ3 پر

مرکز صوبوں کے لیے گھر کے چھت کی مانند ہوتا ہے جس کے چار اہم ستون ہیں' امان اللہ کنرانی

کسی بھی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ان کے صوبوں کو بااختیار بنانا لازمی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر(ر) امان اللہ کنرانی نے کہا ہے کہ مرکز صوبوں کے لیے گھر کے چھت کی مانند ہوتا ہے جس کے چار اہم ستون ہیں اور صوبے کو اپنے ساحل وسائل پر اختیار ہونا چاہیے مگر بدقسمتی سے مرکز کے برتاؤ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وفاق میں وہ صلاحیت نہیں ہے کہ کسی بھی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ان کے صوبوں کو بااختیار بنانا لازمی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ فیڈریشن ایک گھر کی چھت ہے جبکہ گھر کی چھت ملک کے چار اہم ستون پر قائم ہے ستون جتنے مضبوط ہونگے چھت بھی مضبوط بقیہ نمبر25 صفحہ3 پر

پنجگور بازار میں مسلح افراد کی فائرنگ سے مقامی ٹرانسپورٹر سمیت دو افراد جاں بحق ملزمان فرار

پنجگور (این این آئی) پنجگور بازار میں مسلح افراد کی فائرنگ سے مقامی ٹرانسپورٹر سمیت دو افراد جاں بحق ملزمان فرار تفصیلات کے مطابق پنجگور کے مین بازار میں واقع اقبال حسن دوست مارکیٹ میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے مقامی ٹرانسپورٹر کہدہ شعیب سمیت پیر بخش نامی شخص جاں بحق ہو گئے پولیس کے مطابق واقعہ کے بعد ملزمان بقیہ نمبر26 صفحہ3 پر

عمران خان نے اپنی نااہلی کی وجہ سے پورے پاکستان میں کرونا وائرس پھیلا دیا، شیری رحمان

سلیکٹڈ وزیراعظم سلیکٹڈ لاک ڈاؤن کے نام پر اپنی خجالت مٹانے کی کوشش کر رہے ہیں

عمران خان بہت کنفیوژڈ ہیں، انہیں عالمی ادارہ صحت کی گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا چاہیے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے عمران خان کی تقریر کا ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان نے اپنی نااہلی کی وجہ سے پورے پاکستان میں کرونا وائرس پھیلا دیا، لاک ڈاؤن کے بغیر کرونا وائرس کا پھیلاؤ روکنا ممکن نہیں۔ ایک بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ سلیکٹڈ وزیراعظم سلیکٹڈ لاک ڈاؤن کے نام پر اپنی خجالت مٹانے کی کوشش کر رہے ہیں، عمران خان بہت کنفیوژڈ ہیں، انہیں عالمی ادارہ صحت کی گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا چاہیے۔

21-2020 کے وفاقی بجٹ کو الفاظ کا ہیر پھیر قرار دیتے ہیں' آفتاب احمد خان شیرپاؤ

پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے خسارے کا بجٹ پیش کیا ہے جس کی ملک کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی

حکومت کورونا وائرس کی آڑ میں اپنی کوتاہیوں پر پردہ ڈال رہی ہے' چیئرمین قومی وطن پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) قومی وطن پارٹی کے چیئرمین آفتاب احمد خان شیرپاؤ نے 21-2020 کے وفاقی بجٹ کو الفاظ کا ہیر پھیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے خسارے کا بجٹ پیش کیا ہے جس کی ملک کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ قومی وطن پارٹی کو پشاور سے اپنے جاری ہونے والے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت جلد ہی منی بجٹ پیش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کورونا وائرس کی آڑ میں اپنی کوتاہیوں پر پردہ ڈال رہی ہے۔ حکمران کہتے ہیں کہ کورونا وائرس کی وجہ سے معیشت بقیہ نمبر23 صفحہ3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص، ملاوٹی و مضر صحت کھانے پینے کی اشیاء کے خلاف جاری کارروائیاں

کوئٹہ(خ ن)بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص، ملاوٹی و مضر صحت کھانے پینے کی اشیاء کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران ایک آئسکریم قلفی فیکٹری سیل جبکہ 5 میٹ شاپس اور ایک پکوان ہاؤس پر جرمانہ عائد کردیا گیا۔ بی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے فروٹ آباد میں قائم آئسکریم قلفی کارخانہ کو لیبارٹری رپورٹ کے مطابق حفظان صحت کے برخلاف بقیہ نمبر24 صفحہ3 پر

لاہور: ڈپٹی کمشنر دانش افضال چینی 70 روپے کلو فروخت کرنے کے حوالے سے فیئر پرائس شاپس کا دورہ کر رہے ہیں

حب بائی پاس پراجیکٹ حکومت بلوچستان کا شاندار تحفہ ہے، محمد صالح بھوتانی

زیر تعمیر حب بائی پاس پراجیکٹ تیزی سے تکمیل کے مراحل میں داخل ہو گیا ہے

آر سی ڈی ہائی وے سے لنک گیارہ کلومیٹر شاہراہ کا ارتھ ورک مکمل ہو چکا ہے' صوبائی وزیر بلدیات

حب (خ ن) 65 کروڑ روپے لاگت سے زیر تعمیر حب بائی پاس پراجیکٹ تیزی سے تکمیل کے مراحل میں داخل ہو گیا ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے لسبیلہ کے صنعتی شہر حب میں جاری ترقیاتی اسکیمات میں اہم اور مثالی منصوبہ صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کی تجویز پر حب بائی پاس کا پراجیکٹ ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے اقتصادی زون کے منصوبوں کی منظوری سے اس پراجیکٹ کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے آر سی ڈی ہائی وے سے لنک گیارہ کلومیٹر شاہراہ کا ارتھ ورک مکمل ہو چکا ہے اور اس منصوبے میں شامل 500 میٹر طویل پل کا 90 فیصد تعمیراتی کام متعلقہ محکمے کے ساتھ ایگزیکٹو انجینئرز کے دور میں مکمل ہوئی، مارشل سٹی گڈانی شپ بریکنگ یارڈ اور انڈسٹریل زون کی ٹریفک کے لئے حب بائی پاس پراجیکٹ مثالی منصوبہ اور موجودہ دور حکومت کا بقیہ نمبر8 صفحہ3 پر

اناڑیوں اور لوٹوں کی حکومت سے عوام دشمن بجٹ ہی کی توقع تھی، عبدالواسع

بلوچستان کی ترقی اور روزگار کیلئے محض الفاظ تک ڈالنے کی کوشش نہیں کی گئی اگرچہ تمام بجٹ الفاظ کا مجموعہ ہے

بجٹ میں غریب عوام پر ظلم کے علاوہ کچھ نہیں ہے، بجٹ میں غریبوں کا معاشی کشت و خون کیا گیا ہے' صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے وفاقی بجٹ پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اناڑیوں اور لوٹوں کی حکومت سے عوام دشمن بجٹ ہی کی توقع تھی، بلوچستان کی ترقی اور روزگار کیلئے محض الفاظ تک ڈالنے کی کوشش نہیں کی گئی اگرچہ تمام بجٹ الفاظ کا مجموعہ ہے کل تک کوئی ٹیکس نہ لگانے کی مبارکبادیاں وصول کرنے والوں نے آج ایک بڑا یوٹرن لیتے ہوئے مشیر خزانہ نے کہا کہ ٹیکسز کی بھرمار نہیں کریں گے تو قرضوں کا بوجھ بڑھے گا انہوں نے کہا کہ بجٹ میں غریب عوام پر ظلم کے علاوہ کچھ نہیں ہے، بجٹ میں غریبوں کا معاشی کشت و خون کیا گیا ہے ایسے عوام دشمن بجٹ کو مسترد کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے، دوسالوں کی مایوس کن اور صفر کارکردگی کے مطابق ہی حکومت نے صفر بجٹ دیا ہے، ملک بحرانوں کا شکار ہے مختلف بقیہ نمبر6 صفحہ3 پر

حلقہ انتخاب کے عوام کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں' سرفراز خان ڈومکی

پورے حلقہ انتخاب کے عوام ہمیں عزیز ہیں عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کرنا عبادت سمجھتے ہیں

بھاگ (آن لائن) حلقہ انتخاب کے عوام کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں پورے حلقہ انتخاب کے عوام ہمیں عزیز ہیں عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کرنا عبادت سمجھتے ہیں اپنے عوام کو کسی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے حلقہ انتخاب میں تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنے تمام تر وسائل کو خرچ کریں گے عوام نے جس اعتماد اور امید کیساتھ ہمیں منتخب کیا ہے اپنے عوام کو ہرگز مایوس نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار قبائلی رہنما سردار زادہ ذوالفقار ڈومکی و رکن صوبائی اسمبلی صوبائی وزیر سردار سرفراز خان ڈومکی نے اپنے بیان میں کیا انہوں بقیہ نمبر28 صفحہ3 پر

نوکنڈی تا ماشکیل روڈ کی تعمیر سے ماشکیل کے عوام کو بہت بڑی سہولت میسر ہوگی' میر زابد علی ریکی

ہزاروں کی تعداد میں لوگ نوکنڈی تا ماشکیل روڈ سے مستفید ہونگے، رکن صوبائی اسمبلی

واشک (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زابد علی ریکی نے چیئرمین سینٹ میر صادق سنجرانی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ دسمبر دو ہزار انیس کو چیئرمین سینٹ نے مجھ سے نوکنڈی تا ماشکیل روڈ کو بجٹ میں شامل کرنے کا وعدہ کیا تھا جس نے کل پیش ہونے والے وفاقی بجٹ میں نوکنڈی تا ماشکیل روڈ کو شامل کر کے اپنا وعدہ پورا کیا جس پر چیئرمین سینٹ میر صادق سنجرانی کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھ سے وعدہ کی تکمیل کر کے نوکنڈی تا ماشکیل روڈ کو وفاقی بقیہ نمبر33 صفحہ3 پر

وزیراعظم کا ٹڈی دل کے تدارک کیلئے پنجاب حکومت کی جامع حکمت عملی اور اقدامات پر اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس میں پنجاب میں ٹڈی دل کے تدارک کے حوالے سے اقدامات پر اعلیٰ سطحی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی سید فخر امام، وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور دیگر سینئر حکام شریک ہوئے۔ ڈی جی بقیہ نمبر32 صفحہ3 پر

موجودہ تبدیلی سرکار کی وجہ سے ملک میں بے تحاشہ مہنگائی ہو گئی ہے' مولانا حافظ حمد اللہ

جمعیت علماء اسلام عوام، علماء، مدارس کے طلباء کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ دینی مدارس اصلاح شدہ ہیں مغربی ایجنڈے کے تحت مدارس کی اصلاحات کے نام پر مختص رقم غریبوں پر خرچ کی جائے اپنے جاری کردہ بیان میں مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے وفاقی پی ایس ڈی پی میں مدارس کی اصلاحات کے نام پر مختص رقم 3 ارب روپے حکومت غریبوں پر خرچ کریں موجودہ تبدیلی سرکار کی وجہ سے ملک میں بے تحاشہ مہنگائی ہو گئی ہے جس کی وجہ سے غریب کو دو وقت کی روٹی بقیہ نمبر31 صفحہ3 پر

ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں مزید 88 افراد زندگی کی بازی ہار گئے، تعداد 2551 ہو گئی

اسلام آباد(این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں مزید 88 افراد زندگی کی بازی ہار گئے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 2551 ہو گئی جبکہ ریکارڈ 6472 کیسز سامنے آگئے۔ مجموعی کیسز کی تعداد ایک لاکھ بتیس ہزار 405 تک جا پہنچی، کورونا سے متاثرہ 50 ہزار سے زائد مریض صحتیاب بقیہ نمبر30 صفحہ3 پر

بھارت چین کیساتھ صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے بات چیت پر آمادہ

صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے مذاکرات جاری رہیں گے، فوجی کمانڈروں کی ملاقات

بیجنگ (این این آئی) چین نے بھارت کی توسیع پسندانہ کوششوں کو ناکام بنادیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چینی وزارت خارجہ کی ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ بھارت صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے بات چیت پر آمادہ ہو گیا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چن ینگ نے بریفنگ کے دوران کہا بھارتی افواج کو لداخ کے اونچائی پر علاقوں سے ہٹا دیا۔ فوجی کمانڈروں نے ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا کہ صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے مذاکرات جاری رہیں گے۔ بھارت نے لداخ میں بقیہ نمبر29 صفحہ3 پر

کیچ: بلوچ طلباء و طالبات کی جانب سے ایچ ای سی کی آن لائن کلاسز کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

بلوچستان میں کرونا وائرس سے مزید 3 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں

صوبہ میں کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 8028 ہو گئی ہے گزشتہ روز 682 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے

آر آر ٹی کی جانب سے گزشتہ روز 1364 افراد کی اسکریننگ کی گئی جن میں 789 افراد کے نمونے لئے گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں کورونا وائرس سے مزید 3 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں صوبہ میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 83 تک پہنچ گئی ہے جبکہ مزید 162 افراد میں کورونا کی تشخیص کے بعد صوبہ میں متاثرہ افراد کی تعداد 8 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے ڈائریکٹریٹ ہیلتھ بلوچستان کورونا آپریشن سیل کے مطابق بلوچستان کے 5 اضلاع میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 162 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے صوبہ میں کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 8028 ہو گئی ہے گزشتہ روز 682 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے جن میں 162 مثبت آئے ہیں محکمہ صحت کے مطابق بلوچستان میں ضلع کوئٹہ سے 2 کورونا لائی میں بقیہ نمبر7 صفحہ3 پر

شہباز شریف کو چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان لیجیان ژاؤ کا ٹیلی فون، علاج سے متعلق چین کی طرف سے تعاون کی پیشکش

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف کو چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان لیجیان ژاؤ نے ٹیلی فون کیا، لیجیان ژاؤ نے شہباز شریف کے علاج سے متعلق حکومت چین کی طرف سے تعاون کی پیشکش کی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے کورونا پازیٹو ہونے پر بڑی تشویش ہے، آپ کی جلد صحت بقیہ نمبر34 صفحہ3 پر

لاہور: ہفتہ وار لاک ڈاؤن کے باعث ایک مارکیٹ میں دکانیں بند پڑی ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com
اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

14 جون 2020ء

ملک کے 45 اضلاع میں ٹڈی دل کے حملے

این ڈی ایم اے نے ملک بھر میں ٹڈی دل کے خلاف آپریشن کی تفصیلات جاری کر دیں جس کے مطابق اس وقت ملک کے 45 اضلاع میں ٹڈی دل موجود ہے۔ بلوچستان کے 29، خیبر پختونخوا کے 9، پنجاب کے 3 اور سندھ کے 4 اضلاع ٹڈی دل سے متاثر ہیں، بلوچستان میں خضدار، آواران، نوشکی، چاغی، گوادر، اتھل، کیچ، پنجگور، خاران، واشک اور کوئٹہ کے علاوہ دیگر اضلاع بھی متاثر ہیں، کے پی میں ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی وجنوبی وزیرستان، لکی مروت، کرک، کرم، اورکزئی اور خیبر کے اضلاع متاثر ہیں، سندھ میں خیرپور، سانگھڑ، سکھر، شہید بے نظیر آباد، تھیاری اور جامشورو میں ٹڈی دل کے حملے ہوئے۔ پنجاب میں اٹک، خانیوال اور ڈیرہ غازی خان میں ٹڈی دل کی رپورٹ ہوئے۔ ٹڈی دل کے متاثرہ علاقوں کا سروے اور کنٹرول آپریشن جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق 1259 مشترکہ ٹیموں نے لوکسٹ کنٹرول آپریشن میں حصہ لیا، گذشتہ 24 گھنٹوں میں 3 لاکھ 39 ہزار ہیکٹر رقبہ کا سروے ہوا۔ 24 گھنٹوں میں 5 ہزار 630 ہیکٹر رقبہ پر ٹڈی دل کو تلف کرنے والی ادویات کا اسپرے کیا گیا۔ بلوچستان میں 3 ہزار 100 ہیکٹر رقبہ پر اسپرے کیا گیا، خیبر پختونخوا میں 1300 ہیکٹر رقبہ کی ٹریٹمنٹ ہوئی۔ پنجاب میں 30 ہیکٹر رقبہ پر اسپرے ہوا، سندھ میں گذشتہ روز 1200 ہیکٹر رقبہ ٹریٹمنٹ کیا گیا۔ اب تک پورے ملک میں 5 لاکھ 96 ہزار ہیکٹر رقبہ پر سپرے کیا جا چکا ہے، قلعہ عبداللہ میں 300 ہیکٹر رقبہ پر ہوائی جہاز کے ذریعے کیمیائی اسپرے کیا گیا۔

گذارا نہیں ہوتا



ایک صاحب نے اخبار میں اشتہار دیا کہ ہمیں ان خصوصیات کے حامل ڈرائیور کی ضرورت ہے جو شادی شدہ ہو، صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو، عمر رسیدہ اور لمبی سفید داڑھی والا ہو عمر 50 سے اوپر ہونی چاہیے، حاجی اور تہجد گذار ہو، واضافی عمرے کرنے والے یا حافظ قرآن کو ترجیح دی جائے گی۔ کافی لوگ انٹرویو کیلئے آئے لیکن کسی نہ کسی میں کوئی نہ کوئی کمی نکل آتی آخر کار مطلوبہ خصوصیات کا حامل 52 سالہ سفید داڑھی والا باریش شخص مل ہی گیا جب انکو گاڑی کی چابی دی جانے لگی اس نے کہا میں گھر کے سربراہ سے ملنا چاہتا ہوں اہل خانہ نے کہا کوئی بات ہے تو ہمیں بتاؤیں ڈرائیور نے کہا میری جو شرائط ہیں میں گھر کے سربراہ کو ہی بتاؤں گا ناچار ڈرائیور کو بڑے صاحب کے پاس لیجایا گیا انہوں نے ڈرائیور کو دیکھا پسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا کیا بات ہے؟ مجھ سے کیوں ملنا چاہتے تھے ڈرائیور نے کہا صاحب میری بھی 3 شرائط ہیں۔ گھر کے سربراہ نے کہا بتاؤ ڈرائیور نے کہا میری پہلی شرط یہ کہ گاڑی میں ٹیپ ریکارڈ نہیں بجے گا۔ سربراہ نے سرہلاتے ہوئے کہا کہ ٹھیک ہے اب دوسری شرط کیا ہے؟ ڈرائیور نے کہا دوسری شرط یہ کہ نماز کے وقت گاڑی پارک کرکے نماز پڑھوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ شرط بھی منظور ہے تمہاری تیسری شرط کیا ہے؟ ڈرائیور نے سنجیدگی سے کہا کہ مجھے گاڑی چلانی نہیں آتی آپ چلانا سکھا دیں گے یہ ایک سچا واقعہ ہے جو hamaray ساتھ بھی ہو گیا ڈھونڈنے والوں نے اتنا محب وطن انقلابی ڈھونڈا کہ جس کو ملک چلانا نہیں آتا ابھی ملک میں ٹماٹر، دالیں، چینی مہنگی تو کبھی آٹا اور اس کو اپنی تنخواہ کی پڑی ہے کہ جناب میرا اور میری بیوی کا دو لاکھ میں گذارا نہیں ہوتا جبکہ بیشتر لوگوں کا کہنا ہے کہ ارے بھی پہلے گاڑی چلانا تو سیکھ لو پھر کوئی اور مطالبہ کرنا۔ یہ بات کرنے سے پہلے کپتان کو اس بات پر غور کرنا چاہیے تھا کہ عام آدمی کا گذارا کیسے ہو رہا ہے؟ جن کا کوئی پرسان حال نہیں وزیر اعظم نے اپنے حالات کا رونا سر محفل رویا ہے عام آدمی کیا کرے جو اپنے دل کا حال کسی کو سناتے ہوئے ڈرتا ہے کہ اس لیس اس کی اپنی جگ ہنسائی ہوگی شاید انہوں نے یہ کہانی نہیں سنی ہوگی

کسی زمیندار کی بھینس نے دودھ دینا بند کر دیا، زمیندار بڑا پریشان ہوا وہ بھینس کو لے کر ڈنگر ڈاکٹر کے پاس گیا ڈاکٹر نے متواتر کئی روز ٹیکے لگائے لیکن کوئی فرق نہ پڑا، تھک ہار کر وہ بھینس کو اپنے پیر صاحب کے پاس لے گیا پیر صاحب نے دھوتی رمائی، دم کیا، پھونک ماری لیکن وہ بھی بے سود رہی بھینس کو کوئی فرق نہ پڑا۔ پھر زمیندار کسی کے مشورہ پر بھینس کو کسی سیانے کے پاس لے کر چلا گیا، سیانے نے کئی دیسی ٹوٹکے آزمائے لیکن وہ بھی بیکار ثابت ہوئے تنگ آکر آخر کار زمیندار نے سوچا کہ شاید اس کا چارہ بڑھانے سے مسئلہ ٹھیک ہو جائے! خوب کھل، بنولہ مکس کر کے کھلایا، نمک چٹایا وقت پر پانی پلانے کا انتظام کیا زمیندار نے کسی چیز کی کسر نہ چھوڑی لیکن بھینس نے دودھ دینا شروع نہ کیا۔ وہ تنگ آگیا روز روز کے علاج سے عاجز و لاچار ہو کر وہ اسے قصائی کے پاس لیکر جانے لگا کہ یہ اب کسی کام کی نہیں تو چلو بیچ دوں یا سودا نہ بنے تو ذبح کروا دوں، زمیندار بھینس لئے جا رہا تھا کہ راستے میں اسے ایک درویش ملا، زمیندار کو دیکھتے ہی کہنے لگا کیا بات ہے تم پریشان ہو زمیندار نے اسے اپنی پریشانی بیان کی، درویش نے پوچھا تم کٹا کہاں باندھتے ہو؟ زمیندار بولا بھینس کی کھرلی کے پاس۔ درویش نے پھر پوچھا: "کٹے کی رسی کتنی لمبی ہے؟" زمیندار بولا: کافی لمبی ہے! درویش مسکرایا اور پھر بڑی متانت سے بولا "سارا دودھ تو کٹا چنگ جاتا ہے تمہیں کیا ملے گا، خود سوچو بھینس دودھ کیسے دے گی، کٹے کو بھینس سے دور باندھو! اب کپتان کو سمجھ آجانی چاہیے کہ پاکستان کیوں ترقی نہیں کر رہا۔ ان کا گذارا کیسے نہیں ہوتا ان حالات میں کسی کا بھی گذارا نہیں ہوسکتا یہاں قدم قدم پر ملک کو لوٹنے والے دندناتے پھرتے ہیں اور ان کا کوئی بال بیکا نہیں کر سکتا۔ لوگ مہنگائی، بیروزگاری اور ٹیکسز کی بھرمار سے تنگ آگئے ہیں اس جیسی صورت حال کے تناظر میں آج کل سوشل میڈیا پر ایک لطیفہ بڑا مشہور ہو رہا ہے آپ بھی پڑھئے ایک آدمی سڑک پہ جا رہا تھا، پیچھے سے آواز آئی رک جا ورنہ مارا جائیگا وہ آدمی رک گیا دیکھتے ہی دیکھتے اس کی آنکھوں کے سامنے ہی ایک آئل ٹینکر اچانک الٹا اور اس میں آگ بھڑک اٹھی۔ وہ آدمی بال بال بچ گیا۔

اگلے ہی دن وہی آدمی اگلے روز باغ کی سیر کر رہا تھا کہ آواز آئی رک جا، ورنہ مارا جائیگا۔ وہ آدمی فوراً جہاں تھا وہیں رک گیا۔ عین سامنے ایک درخت کڑکڑاتا ہوا اس کے چند قدموں کے فاصلے پر گرا اور وہ آدمی صاف بچ گیا اس کے جسم سے پسینہ پانی بن کر بہنے لگا اس نے خدا کا شکر ادا کیا۔ وہی آدمی اگلے روز پچاس روپے کی دہی لینے دودھ کی دکان پہ جا رہا تھا کہ آواز آئی رک، ورنہ مر جائے گا۔ وہ رک گیا۔ اسی وقت سامنے والے کھمبے سے ایک تار ٹوٹ کر گرگیا ایک بھینس پر گری اس نے تڑپ تڑپ کر جان دے دی، اور وہ پھر آدمی صاف بچ گیا

چند دنوں وہی آدمی موٹر سائیکل پر اپنے دفتر سے گھر جانے کے لئے نکلا ابھی کچھ دور گیا ہوگا وہی آواز گونجی رک جا ورنہ مارا جائیگا اس نے فوراً بریک لگائی گھبرا کر وہی موٹر سائیکل کھڑا کرا ہی تھا کہ پاس پر چڑھا ہی تھا نہ جانے کہاں سے ایک بے قابو بس موٹر سائیکل کو روندتی ہوئی سامنے آتی جیپ سے جا ٹکرائی اب وہ شخص وہیں سر پکڑ کر گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔ اور بولا:

"اے میرے مددگار، تو اس وقت کہاں تھا جب میں پی ٹی آئی کو ووٹ دے رہا تھا

وہی نادیدہ آواز پھر آئی

آوازیں میں نے تب بھی بہت دی تھیں، لیکن تیرے ڈی جے نے ایک گراؤنڈ میں ٹرک بہت اونچا کر رکھا تھا اور تم

"عمران خان دے جلسے اچ، اج میرا نچنے نوں جی کردا" نامی گانے پر ٹھمکے مار رہے تھے۔

☆☆☆☆☆

حکومتی رٹ اور سستا پیٹرول غائب دستیاب کب ہوگا

حکمران مان لیں کہ ان سے ضرور ایک نہیں مل کر کئی ایسی بھول اور کوتاہیاں ہو رہی ہیں۔ آہ، تب ہی عوامی خدمات میں خود کو فنا کردینے والے اسٹر وزیراعظم عمران

محمد اعظم عظیم اعظم

خان کی حکومت میں چار سو عوام کی ایک ہی پکار ہے کہ چینی سستی کہاں ہے؟ اور پیٹرول سستا ہو کر کہاں غائب ہو گیا ہے؟ غائب حکومتی رٹ اور سستا پیٹرول اور چینی سستی عوام کو کب دستیاب ہوگی؟ چونکہ، موجودہ صورت حال میں حکمرانوں اور سیاستدانوں کے رویوں سے اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے مٹھی بھر حکمران طبقے نے عوام کو بے کار پرزہ سمجھ لیا ہے۔ اسی لئے جس کا جیسا جی چاہتا ہے۔ وہ عوام پر طرح طرح کے بحرانوں، مہنگائی اور مسائل کے پہاڑ ڈھا رہا ہے۔ اب اسی کو ہی دیکھ لیں کہ حکومت نے بڑی مشکلوں سے کب افسوس کے ساتھ دانت پیس کر انتہائی مجبوری کے عالم میں پیٹرول کی قیمت کم کی ہے۔ تو اس کے ثمرات بھی ملک کے غریب عوام کے دامن میں نہیں پہنچ سکے ہیں؛ آج پیٹرول سستا ہو کر بھی عوام الناس کی پہنچ میں آنے سے پہلے ہی غائب ہو گیا ہے یا کر دیا گیا ہے؟ اس حال میں عوام یہ سوچ رہے ہیں کیا اسے غائب کرنے یا کرانے کے لئے ہی حکومت نے پیٹرول کی قیمت کم کی تھی کہ یہ عوام کی پہنچ سے دور ہو جائے کہ نظر سے ہی اوجھل ہو کر غائب ہو جائے۔ ہمارے یہاں بدقسمتی سے پیٹرولیم مصنوعات سمیت دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا تعین وہ طبقہ کرتا ہے۔ جس کو اپنی جائز تنخواہ کا تو پتہ نہیں ہوتا ہے۔ ہاں البتہ، اس طبقے کو اپنی اوپر نیچے کی آمدنی کا خوب پتہ ہوتا ہے۔ اگر ہمارے حکمرانوں کو اپنی اصل حلال اور جائز تنخواہ یا آمدنی سے اپنے کنبے کے رزق اور اخراجات پورے کرنے اور دیگر ضروریات زندگی کے لئے خریداری کرنی پڑے، تو ممکن ہے کہ پاکستان سے بھی مہنگائی نیست و نابود ہو جائے۔ مگر آہ....!! اور اں حکومت میں بھی ایسے ہی طبقے کی اجارہ داری ہے۔ جس کو اپنی اصل حلال آمدنی کا اندازہ ہی نہیں ہے۔ جس کی وجہ عوام الناس کو خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے۔ مگر افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ کسی ماں کے بیٹے میں اتنی ہمت بھی پیدا نہیں ہوئی کہ کوئی ماں کا بیٹا اپنے گھر کے لئے رزق حلال اپنی حلال آمدنی سے پورا کرے اور یوٹیلیٹی کا بل اسی جائز آمدنی سے ادا کرے۔ کیوں کہ ہمارے یہاں حکمرانوں، سیاستدانوں اور افسر شاہی کی شکل میں جتنے بھی افراد پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے کبھی ایسا سوچا بھی نہیں ہوتا کہ وہ اپنے گھرانے کے اخراجات اپنی جائز اور حلال تنخواہ سے پورا کریں گے۔ انہیں اپنی جائز اور حلال آمدنی کا تو پتہ ہی نہیں ہوتا ہے کہ کتنی ہے؟ اس لئے ان کا اس جانب کبھی خیال بھی نہیں جاتا ہے۔ ان کا تو بس اپنا سب کچھ اوپر کی انہی آمدنی سے ہی چل رہا ہوتا ہے۔ جب کہ ہمارے معاشرے میں سب سے زیادہ معزز بھی ایسے ہی لوگ کہلائے اور جانے جاتے ہیں۔ اسی لئے غریبوں کے ملک پاکستان میں حق حکمرانی اور داداگیری کا بھی ایسے ہی طبقے کے ہاتھ لگتا ہے۔ جنہیں اپنی اصل حلال اور جائز آمدنی اور تنخواہ کا کچھ معلوم نہیں ہوتا ہے۔ جن کا پھر بھی سب کچھ جائز اور حق کے دائرے کار میں چل رہا ہوتا ہے۔ اب مہنگائی سے بدحال عوام کو سو فیصد یقین ہو گیا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی 22،23 ماہ کی حکومت نے عوامی فلاح و بہبود اور ریلیف کے لئے کچھ نہیں کیا ہے۔ آج اگر عوام کو بڑے عرصے امید کی لولی پاپ دینے کے بعد ریلیف کے معاملے میں کچھ کیا بھی ہے؛ تو وہ بھی صرف باب المہنگائی پیٹرول سستا کیا ہے۔ مگر راقم الحرف کو یہ دکھ کھائے جا رہا ہے کہ اس کے باوجود بھی باقی دیگر اشیائے ضروریہ مہنگی کی مہنگی ہیں کیوں؟ آج حکومت نے یہ کیسا پیٹرول سستا کیا ہے؟ وہ بھی پیٹرول پمپس سے غائب ہو گیا ہے۔ روڈ ٹھوکر اور دربدر کی ٹھوکریں کھانے کے بعد سستے پیٹرول کے حصول کے لئے بھی عوام کو اس آگ برستے سورج کی تپش اور قیامت خیز گرمی میں میلوں سفر طے کر کے لمبی لمبی قطاروں میں کھڑا ہونے کے بعد چند لیٹرز پیٹرول کا ملنا ممکن ہو رہا ہے۔ تمام تر حکومتی وعدے اور دعووں کے باوجود بھی جا بجا عالم یہ ہے کہ کراچی سے کشمور تک عوام کے لئے سستے پیٹرول کا حصول بھی مشکل ترین ہو گیا ہے۔ سستی چینی کا ملنا تو پہلے ہی مشکل عمل ہو گیا ہے۔ تعجب ہے کہ اس پر بھی وزیراعظم عمران خان کا یہ دعویٰ ہے کہ ہماری حکومت میں مہنگائی کا نام ونشان باقی نہیں رہے گا اور ملک کے طول و عرض میں سستائی کا بول بالا ہوگا اور مہنگائی کا منہ کالا ہوگا۔ کیوں اور کیسے؟ حکومت مخالف ٹولے اور سازشی عناصر کی وجہ سے سستی چینی اور سستے پیٹرول کا حصول عذاب بن گیا ہے، بتایا جائے کہ چینی، آٹے اور پیٹرول کے مصنوعی بحران کے در پردہ کون ملوث ہے؟ کسی دباؤ میں آئے بغیر کڑا احتساب کیا جائے گا۔ ایسے بہت سے سیراب نما دعوے وزیراعظم اور ان کے حکومتی اراکین کرنے کے لئے دن رات میدان میں اتر کر حکومت مخالف طبقے سے مقابلے کر رہے ہیں۔ مگر پھر بھی آج عوام یہ سمجھ رہے ہیں کہ اگر وزیراعظم عمران خان اور حکومتی اراکین تنگ اور عوام کے ساتھ اچھے ہی مخلص ہیں؛ تو پھر کرپٹ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے میں مصلحت پسندی کا شکار کیوں ہو رہے ہیں؟ ایسا نہیں ہے تو پھر قومی چوروں، لٹیروں اور کرپٹ عناصر کو جلد از جلد کڑی سزائیں دیں۔ ورنہ اپنی یہ ساری ڈرامہ بازی بند کریں۔ اب بہت ہو چکا ہے۔ پاکستانیوں کا اکثر سوہن حلوے (کراچی حلوے) کی طرح سخت آمریت، ریت کے ڈھیر جیسی ہول حکومتوں اور سوجی کے حلوے کی طرح کی اپوزیشن سے سامنا رہا ہے۔ آج تک پاکستان اور پاکستانی عوام کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ یہاں خاص قسم کی حکمران اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کے ساتھ اقتدار میں آتے رہے ہیں۔ موجودہ حکومت بھی ماضی کی حکومتوں کی ہی طرح ہے۔ مگر اس کی خاص بات یہ ہے کہ آج رواں حکومت نے اسٹیج پر چور پولیس کا جیسا کھیل سجایا ہوا ہے؛ اس کی بھی مثال ملنی مشکل ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ جیسے اس کے ہاتھ حکومت کو کچھ کرنا نہیں آتا ہے۔ کیا اسی چور پولیس کے کھیل میں حکومت اپنا وقت گزار کر جانے کا ارادہ رکھتی ہے؟ کیوں کہ اب تک اس کھیل میں حکومت جس برق رفتاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے قومی لٹیروں، چوروں اور کرپٹ ٹولوں کو پکڑ رہی ہے یہ بھی سب جانتے ہیں۔ مگر اس سے کہیں زیادہ تیز رفتاری سے یہی قومی چور عدل کرنے والے اداروں سے رہائی پالیتے ہیں؛ یوں حکومت کے سارے چور پولیس کے ملزم پکڑائی والے کھیل کا بیڑا غرق ہو جاتا ہے۔ حکومت اور چور پولیس کا کھیل جیسا بھی ہے مگر جب احتساب اور انصاف فراہم کرنے والے ادارے عدم ثبوتوں اور شواہد کے گورکھ دھندے کا فائدہ دے کر قومی چوروں، لیٹروں اور کرپٹ ٹولوں کو رہائی دے دیتے ہیں؛ اس طرح ساری حکومتی کوششوں پر پانی پھر جاتا ہے؛ جس کے بعد ملک بھر میں ہر نئے دن کے ساتھ ایک نئی بحث چھڑ جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ہمارے یہاں سوہن حلوے کی طرح سخت آمریت کے بعد ہمیشہ ریت کے ڈھیر جیسی حکومتیں اور سوجی کے حلوے کی طرح نرم ملائم اور فرینڈلی اپوزیشن (جسے بھی اپنی اہمیت کا اندازہ ہی نہیں ہوا ہے کہ اس کا حقیقی رول کیا ہے اور کیسا ہونا چاہئے؟) ملتی آئی ہیں۔ آج جس کا نتیجہ یہ ہے کہ نہ تو حکومتیں ہی اپنا کام ٹھیک طرح انجام دے سکی ہیں؛ اور نہ ہی اپوزیشن نے کبھی اپنا اصل رنگ روپ دکھایا ہے۔ اسی لئے ہمیشہ سے ہی سب کی حیثیت پانی کے بلبلے جیسی رہی ہے اور شاید رہے گی۔ بیچارے عوام بھی ہمیشہ بحرانوں، مہنگائی اور مسائل کی دلدل میں پڑے رہیں گے۔ (ختم شد)

آخر کورونا چاہتا کیا ہے؟ (آخری قسط)

کاروبار کی شکل اختیار کرتے جارہے ہیں تھے۔ اب اس حوالے سے کورونا کیا چاہتا بہت حد تک سمجھ آرہا ہے کہ ارباب اختیار خصوصی طور پر جہاں سے ان تدریسی اداروں کی رجسٹریشن کی جاتی ہے اپنے کار

شیخ خالد زاہد

ہائے نمایاں پر خصوصی نگاہ ڈالیں اور ملک کے سب بچوں کو اپنے بچوں کی جگہ رکھ کر سوچیں۔ اس طرح سے تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھنے کا ایک انتہائی اہم وقت کورونا کی بدولت میسر آچکا ہے۔ یوں تو حکومت وقت بھی تعلیمی اصلاحات پر کام کر رہی ہے جیسا کہ یکساں تعلیمی نظام کا نفاذ ہے اس طرح سے طبقاتی تقسیم کو ختم کرنے میں بھی بہت مدد ملنے کی امید کی جاسکتی ہے۔ یہ تو کورونا تعلیم کے شعبے سے واسطہ امرو رسوخ رکھنے والوں سے چاہتا ہے۔ ایک قابل ذکر نقطے پر بھی نظر ڈال لیجئے کہ ہمارے تدریسی اداروں (دینی و دنیاوی) میں دیگر ایسی سرگرمیاں شروع ہوچکی تھیں کہ جن کی وجہ سے انکا تقدس بھرپور طرح سے پامال ہو رہا تھا جسکی وجہ سے انکا بند ہونا بنتا ہی تھا۔

کورونا نے عبادت گاہیں بھی بند کروادیں، مسلمانوں کو اسوقت انتہائی تکلیف کا سامنا کرنا پڑا جب خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کو بند کیا گیا اور دنیا جہان سے آنے والے زائرین کی آمد پر مکمل طور پر پابندی لگادی۔ اسی طرح سے ویٹیکن سٹی پر بھی اسی طرح کی پابندیاں لگا دی گئیں اور دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں کو بھی اسی طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ رمضان کے ماہ مبارک میں ایک مسلمان کیلئے اس بڑی اور کیا تکلیف کی بات ہوسکتی ہے کہ اسے مسجد جانے سے روک دیا جائے کیونکہ اس ماہ مبارک میں وہ مسجد کا رخ کر لیتے ہیں جنہیں باقی سارے سال مسجد کی شکل دیکھنے کی توفیق نہیں ہوتی۔ ان عبادت گاہوں کے بند ہونے سے تعلق کو توڑنے یا یہ سمجھانے کیلئے کہ جن کی عبادت کرنے ان عمارتوں میں آتے ہو اب وہ کسی کو ان میں آنے کی اجازت نہیں دینا چاہتا۔

تقسیم کا نظام دنیا نے اپنے طور سے کر رکھا ہے اور جس کے پاس مال و دولت ہے چاہے وہ انفرادی ہو یا پھر اجتماعی اس کی صحیح تقسیم سے ناواقف ہے یا پھر تقسیم کرنا ہی نہیں چاہتا۔ دنیا میں بھوک افلاس یعنی غربت کا بول بالا ہو چکا ہے لوگ بھوک کی وجہ سے خود کشیاں کر رہے ہیں لوگ اس بھوک کی وجہ سے اپنے پورے پورے خاندان کو موت کی نیند سلا رہے ہیں، یہ بھوک چور ڈاکو بنا رہی ہے، یہ بھوک اپنی عزتوں کو بیچنے پر مجبور کر رہی ہے غرض یہ کہ اس بھوک کی وجہ سے آج دنیا میں کیا کچھ نہیں ہو رہا، جو اس بھوک کو قدرت کی دی گئی دولت سے ختم کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں وہ کسی خاموش تماشائی کی طرح بیٹھے ہوئے ہیں اور اسے قدرت کی منشاء کہہ کر آگے بڑھتے جا رہے ہیں۔ کورونا نے ایسے لوگوں کی راتوں کی نیندیں حرام کر رکھی ہیں انہیں اس بات کی سمجھ نہیں آرہی کہ وہ کب تک اپنے دولت کیساتھ اس دنیا میں رہ سکتے ہیں، اس خوف نے انہیں دولت خرچ کرنے پر اکسایا ہوا ہے درحقیقت یہ دنیا کو آخر تک دیکھنے کے خواہشمند ہیں۔ کورونا چاہتا ہے کہ ایسے لوگوں کے دلوں میں بھوک اور افلاس کی جھلک پیدا کرے کہ یہ اللہ کی راہ میں دل کھول کر خرچ کریں معاشرے میں توازن پیدا کرنے کی کوشش کریں۔

موبائل کی دریافت نے انسانوں کے درمیان طبعی فاصلے بڑھا دیے اور لوگ ملنے جلنے سے زیادہ چلتے پھرتے فون پر اپنے پیاروں اور اپنے دوستوں سے باتیں کرنے کو ترجیح دینے لگے اس سے جو دیرینہ نقصان ہوا وہ یہ کہ ہم بھول گئے کہ ملنے جلنے کیلئے دیکھ بھال کیلئے اور سب سے بڑھ کر بیماروں کی عیادت کیلئے گھر بھی جایا سکتا ہے (یہ میل جول بچوں کی تربیت میں بھی کارآمد ثابت ہوا کرتے تھے، آج ہمارے بچے میل جول کے طور طریقوں سے بہت حد تک دور ہوچکے ہیں انہیں یہ تو پتہ ہے کہ بڑوں کا ادب کرنا ہے لیکن ادب کیسے کیا جاتا ہے شاید وہ اس میل جول کے خاتمے کی وجہ سے بھول چکے ہیں) ساتھ بیٹھ کر کھانا پینا بھی کیا جاسکتا ہے گھر کے حالات کا جائزہ بھی لیا جاسکتا ہے اور زندگی کا گزر بسر کیسے ہو رہا ہے اس طرح سے کوئی مدد کرنے میں آسانی ہوسکتی تھی۔ کورونا نے سب کچھ جیسا ہم کرتے تھے اسے حتمی کر کے رکھ دیا ایسے اسباب بنا دیئے کہ اب چاہتے ہوئے بھی مل نہیں سکتے۔ کورونا چاہتا ہے کہ اب جب وہ ختم ہو جائے تو اپنے پیاروں سے مل مشاورتیں اکٹھے دکھ درد میں باقاعدہ شریک ہوں۔

کورونا ہم میں اپنے رب سے قریب کرنا چاہتا ہے کورونا ہم میں نبی ﷺ کی سنتوں پر عمل کروانا چاہتا ہے درحقیقت دنیا کو انکی اصل حالت میں واپس لانا چاہتا ہے جس کا منہ بولتا ثبوت قدرتی ماحول میں بتدریج بہتری دیکھی جارہی ہے۔ مندرجہ بالا امور کے علاوہ اور بہت کچھ ہے جو کورونا دنیا میں رہتے ہوئے کرنا چاہتا ہے، آپ لوگ بھی سوچیں اور اگر ممکن ہو تو ہمارے بھی ارسال کریں۔ اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں آسانی کا معاملہ فرمائیں اور ایک بچے امتی ہونے کی توفیق عطا فرمائیں، آمین یا رب العالمین۔

بے کار سیاسی ورکر

بے کار سیاسی ورکروں کو نہ کام نہ دھندہ، صبح سے لیکر رات تک کبھی اس ہوٹل میں کبھی اس ہوٹل میں بیٹھ کر گپ شپ لگا کر دن گزاری کرتے ہوئے ایک

عنایت اللہ رگام

دوسرے سیاسی جماعتوں کے ورکروں سے بحث مباحثہ کے ساتھ اخلاق کے دائرے میں رہتے ہوئے ایک دوسرے کے قائدین کو تنقید کرتے ہیں جب رات کو گھر جاتے ہیں اپنی بنائی ہوئی فیک آئی ڈیز میں گالم گلوچ کے پوسٹ لگاتے ہیں اپنے دوسرے فیک آئی ڈی سے پوسٹ کو لائک کمنٹس تعریفی کلمات لکھتے ہیں پوسٹ کو بار بار شیئر کرتے ہیں دوسرے دن یہی گالم گلوچ کرنے والے ہوٹلوں میں بیٹھے ہوئے گو گفتگو ہوتے ہیں اپنی دی ہوئی پوسٹ پر تجزیے، تبصرہ کرتے ہیں خوشگوار موڈ میں ہیں یہی بے کار سیاسی ورکر پتہ نہیں روزانہ کتنی بار خود چائے پیتے ہیں دوسروں کو پلاتے ہیں کبھی یہاں کبھی وہاں پکنک منانے جاتے ہیں سال میں دو، تین دفعہ دوسرے شہروں میں سیر و تفریح کے نام گھومنے جاتے ہیں، ان کے فیس بک، وٹس ایپ گروپ ان کی ان چیزوں کی گواہی دیتے ہیں، یہ صرف چائے نہیں پیتے ہیں، سگریٹ، تمباکو نوشی کے ساتھ وہ بھی کرتے ہیں، دوسروں کے غم میں شریک ہوتے ہیں، بے شمار ظہرانوں میں شرکت تو کرتے ہیں کبھی اپنے ظہرانوں میں نظر نہیں آتے ہیں دیتے نہیں نظر کیسے آتے ہیں بلوچی میں ان کو دستر خوان نے پیٹی، دستر خوان کے بلی کہتے ہیں دستر خوان کے بلی ہمیشہ ماؤس ماؤس کرتی رہتی ہے خبر بات کہاں سے کہاں گئی، اصل موضوع پر آتے ہیں بے کار سیاسی ورکروں کے موبائل قیمتی ان کے پاس دو دو موبائل، 4،5 سمیں ہوتے ہیں ان کے موبائل بیچ ہی بیچ ہوتے ہیں، بغیر پیسے کے بیچ نہیں ہوتے ہیں، ان کے پاس گاڑیاں اور موٹر سائیکل ہیں گاڑی موٹر سائیکل پانی سے نہیں تیل سے چلتے ہیں تیل کیلئے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے، تمام سیاسی جماعتوں کے ضلعی، تحصیلی لیڈر شپ سرگرم کارکن یا تو بے روزگار، یا تو تھرڈ کلاس کا سرکاری ملازم، ان کی ٹش پٹش، چال ڈھال دیکھیں لگتے نہیں، یہ بے روزگار، یا کسی محکمے میں چوکیدار، نائب قاصد، یا ٹاؤن میں خاکروب ہیں 16،15 ہزار روپے تنخواہ لینے والے کی آسودگی دیکھو سوال اٹھتا ہے، ان پر مہربان کون؟ ان کو کون دے رہا ہے، ان سے پوچھا جائے، آپ کو کون دے رہا ہے جواب ہوگا، اللہ تعالیٰ، بلکل دینے والی ذات اللہ تعالیٰ، آپ کو سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران کو کس نے بنایا ہے، اللہ تعالیٰ نے، دینے اور بنانے والی ذات ہے اللہ تعالیٰ نے کسی کو ایم این اے، ایم پی اے اہم عہدہ دیا ہوا ہے میں نے اور آپ نے نہیں، ان کا فٹ جواب ہوگا، ہمارے ووٹوں سے منتخب ہوئے ہیں آفیسران کو ہماری ٹیکسوں سے تنخواہ ملتی ہے ہمارے ووٹوں سے منتخب ہونے والے الیکشن مہم کے دوران گھر گھر جا کر منت سماجت کرتے ہیں پیسے پانی کی طرح بہاتے ہیں تلخ ترش باتوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے ہیں باتوں کا جواب مسکرا کر دیتے ہیں آپ لوگوں کے کپڑے دوسرے استری کرتے ہیں جوتوں کو موچی سے پالش کرواتے ہو، دوپہر، رات کھانا تیار ہوتا ہے جا کر کھاتے ہو، ایک چیز تسلیم کرنا پڑتا ہے جو کھاتے ہو پہنتے ہو، استعمال کرتے ہو، کاٹن شاٹن ہو، قیمتی موبائل ہاتھوں میں ہیں ہمیشہ بیچ ہیں یہ محنت کے پیسے نہیں ہے یہ جو روز بک بک کرتے ہو مفت میں نہیں، کسی کام کے عوض میں، بے کار سیاسی ورکروں کو سیاسی، قبائلی سربراہان اپنی مشہوری، اپنی تعریف کرنے، مخالفین کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے، گالم گلوچ کرنے کے عیوض میں خیالداری کرتے ہیں خیالداری ان کو اندھا بنا دیتی ہے نہ ان کو اپنی عزت کا خیال ہوتا ہے نہ دوسروں کی عزت کا پرواہ کرتے ہیں جو بس آقا کا حکم ہو، ہر ایک کے ساتھ الجھنے کی کوشش کرتے ہیں دھونس دھمکیاں دیتے ہیں نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہیں یہ کون ہیں بندوں کے بندے ہیں جو بندوں کے بندے ہوتے ہیں بندوں کی تعریف کرتے ہیں جو اللہ کے بندے ہوتے ہیں وہ اللہ کی تعریف کرتے ہیں بلوچستان میں جتنے فیک آئی ڈی بنائے گئے ہیں ان بنانے والے اپنے اپنے حلقوں میں ہارے ہوئے سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران کی ہے سیاسی میدان میں مقابلے نہ کرنے کی پوزیشن میں ہیں فیک آئی ڈی بنا کر بے بنیاد الزامات لگاتے ہیں نازیبا الفاظ استعمال کر رہے ہیں ایسے الفاظ کے استعمال پا نہیں رہے ہیں بلکہ کھو رہے ہیں بس ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت دے۔

☆☆☆☆☆

چین کی ترقی اور ہمارا المیہ

کسی بھی ملک کی ترقی کے لیے جہاں ایک طرف دولت کی پیداوار، تعلیم، ٹیکنالوجی اور پروفیشنل ازم پر زور دیا جاتا ہے وہاں اس بات کا بھی خیال رکھا جاتا ہے کہ وہاں کی ریاستی پالیسیاں معاشرتی انصاف

حنید لاکھانی

کے تقاضوں کو بھی پورا کریں، چین نے اپنی مرکزیت اور ایک پارٹی والے نظام کے تحت ان دونوں ہی تقاضوں کو پورا کیا اور کچھ ایسا ہی 1949 میں اس وقت کے موجودہ حالات کی صورت میں نمودار ہونے والے چین نے کیا اور ایک طویل جدوجہد کے بعد دنیا کے بیشتر ممالک کو پیچھے چھوڑ کر دنیا کی دوسری بڑی اکانومی بن گیا، چین نے سب کچھ پانے کے لیے ڈسپلن کارکردگی اور پروفیشنل ازم کے ساتھ کام کیا جس کی وجہ سے 1980 کی دہائی تک چین دنیا کا ایک طاقتور ترین ملک بن گیا اور آج بھی اسی ڈسپلن اور کارکردگی کے معیار کو جاری رکھتے ہوئے چین کا یہ ماننا ہے کہ اقتصادی اور صنعتی ترقی کے عمل کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے، تاکہ نمبر دو کی پوزیشن سے آگے نکلتے ہوئے دنیا کی سب سے بڑی اقتصادی قوت بن جائے۔

چین نے ترقی کا جب عمل شروع کیا تو صنعت و حرفت کے فروغ کی راہ میں رکاوٹ بننے والی بجلی اور پانی کی کمی کو سب سے پہلے پورا کیا اور ایک تسلسل کے ساتھ اس پر کام کیا یعنی زراعت کے لیے پانی اور صنعت کا پہیہ چلانے کے لیے بجلی پیدا کرنے پر کام شروع کیا، جس کے تحت چین نے چھوٹے بڑے ڈیم کثیر تعداد میں بنائے تاکہ پانی کو وافر مقدار میں محفوظ کر کے زراعت کے لیے استعمال کیا جائے اور سستی بجلی بنائی جائے اس کے علاوہ چین نے کوئلے سے بجلی بنانے کا عمل شروع کیا (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



وفاقی بجٹ اور سرکاری ملازمین

سرکاری ملازمین بھی استحکام اور ترقی و خوشحالی میں کلیدی کردار کے حامل ہوتے ہیں اور ملک کے امور کو چلانے اور ملکی پہیہ کو رواں دواں رکھنے میں شب و روز محنت و مشقت کو اپنا شعار بناتے ہیں۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں ہر برس عالمی سطح پر ہونے والی معیشت و اقتصادیات میں تغیرات و تبدیلیوں کے پیش نظر مہنگائی کی تناسب سے کچھ نہ کچھ اضافہ کیا جاتا ہے تاہم پاکستان تحریک انصاف کی برسر اقتدار پارٹی نے اس بار سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں عالمی وباء کرونا کے باعث کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنے کیخلاف آل پاکستان سرکاری ملازمین نے حکومت کیخلاف احتجاج کا اعلان کر دیا ہے تنخواہ میں اضافہ تک تمام سرکاری فرائض سے بائیکاٹ کریں گے ایک خبر یہ بھی ہے کہ انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین کا وفاقی بجٹ پر رد عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم وفاقی بجٹ مسترد کرتے ہیں۔ وفاقی بجٹ میں چھوٹے کاروبار کو نظر انداز کر دیا گیا۔ اللہ داد ترین جنرل سیکرٹری انجمن تاجران بلوچستان نے کہا کہ شناختی کارڈ کی شرط غیر دستاویزی معیشت کو مزید فروغ دے رہی ہے۔ رحیم آغا کرونا کے تناظر میں شناختی کارڈ کی شرط ختم کی جانی چاہئے تھی۔ اللہ داد ترین نے مزید کہا کہ چھوٹے تاجروں کے لئے آسان قرضہ سکیم کا اجراء بھی نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹا کاروبار ملک کی چالیس فیصد ورک فورس کو روزگار فراہم کرتا ہے۔ ناکام حکومت کرونا کے پیچھے چھپنا چاہتی ہے۔ اگر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا تو بجٹ خسارہ 7 فیصد سے کم ہو کر 4،4 فیصد کیسے کریں گے۔ حکومت فائلر اور نان فائلر کا چکر چلا کر بری الذمہ نہیں ہوسکتی۔ تعمیراتی شعبے کی طرز پر تمام سیکٹرز کو سہولت دی جانی چاہئے۔ رحیم آغا صدر انجمن تاجران بلوچستان نے بجٹ بارے اپنے موقف میں مزید کہا کیا ہم دکانیں بند کر دیں اور مکان بنانا شروع کر دیں اللہ داد ترین نے کہا کہ کس کی آمدن کم ہوگئی، دکانوں پر ہو کا عالم ہے، روپے کی قدر بے دردی سے کم کی اور مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا۔ رحیم آغا صدر انجمن تاجران بلوچستان 45 فیصد روپے کی قدر گرا کر، 245 ارب روپے کے ریفنڈ دے کر بھی ایکسپورٹ کیوں نہ بڑھائی گئی قومی بجٹ کو عوامی امنگوں کا ترجمان ہونا چاہیئے اور سرکاری۔ ملازمین کو بڑی آس ہوتی ہے اور بجٹ قریب آتے ہی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی مختلف خبریں سامنے آتی ہیں۔ دو تین ماہ قبل تو اتنی بڑی بڑی خوشخبریاں خبروں کی زینت بنتی ہیں جیسا کہ 100 فیصد اضافہ، میڈیکل، ہاؤس رینٹ سمیت کئی اضافے۔ سرکاری ملازمین بیچارے خوابوں کی دنیا میں چلے جاتے ہیں۔ خیر بجٹ قریب آتے آتے خواب ٹوٹنے لگتے ہیں اور بجٹ اعلان والے دن مکمل ٹوٹ ہی جاتے ہیں۔ دراصل گزشتہ چند سالوں سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں مہنگائی کے حساب سے اضافہ نہیں کیا گیا۔ اس کی بڑی وجہ طاقتور فیصلہ سازی کرنیوالے اور بجٹ و فنانس کے معاملات کو دیکھنے والے محکموں کی خفیہ و اعلانیہ مراعات و الاؤنسز میں بے تحاشہ اضافہ ہے۔ انہیں اب بجٹ اضافے سے کوئی غرض ہی نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ بجٹ میں اضافے کو یوں بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں جیسے پورا ملکی خزانہ خالی ہو جائے گا جبکہ خود اپنی مراعات و الاؤنسز کو بھول جاتے ہیں۔ عوامی تاثر بنایا جاتا ہے اور میڈیا پر مہم چلائی جاتی ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کم سے کم کیا جائے۔ دراصل بجٹ اضافے پر سب کی نظر ہوتی ہے۔ بڑی خبر بنتی ہے۔ گزشتہ سال بجٹ اضافہ صرف پانچ فیصد تھا۔ لیکن اس کے فوری بعد پولیس نے بھاری اضافی الاؤنس منظور کرایا اور اسٹیبلشمنٹ کے محکموں نے ایک سو پچاس فیصد جی ہاں پورا ایک سو پچاس فیصد تنخواہ بڑھائی۔ سیکرٹریٹ میں کام کرنیوالے ملازمین پہلے ہی یوٹیلیٹی الاؤنس اور دیگر مراعات لیکر دگنی سے بھی زائد تنخواہ وصول کر رہے ہیں۔ یقین مانیں کئی محکموں کے درجہ چہارم کے ملازمین کی تنخواہیں محکمہ تعلیم وغیرہ کے 16۔17 ویں گریڈ کے آفیسرز سے زائد ہیں۔ عدلیہ۔ وفاقی محکمے۔ خودمختار و نیم خودمختار ادارے اپنا الگ پے سٹرکچر رکھتے ہیں۔ اب صورتحال یہ ہے کہ یہ سب مراعات یافتہ محکمے بجٹ اضافے کی پرواہ ہی نہیں کرتے بلکہ حکومت وسیاسی قائدین کو بجٹ اضافے کے خلاف رائے دیتے ہیں کیونکہ اگر زیادہ اضافہ ہو جائے تو جو مراعات اور الاؤنسز انہوں نے بجٹ کے بعد وصول کرنے ہوتے ہیں ان کے لئے رقم کم رہ جائے گی۔ یہ افسران ہر سال کسی نہ کسی طریقے سے کوئی ایک آدھ نیا الاؤنس حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تاہم لوئیول کے ملازمین کی امیدوں کا سہارا وفاقی بجٹ ہی ہوتا ہے جو کہ نہ رہا۔

پھول جیسے بچوں سے سخت مشقت......!(آخری قسط)

خطرناک ملازمتوں پر نہیں رکھا جائے گا۔ گو ایمپلائمنٹ آف چلڈرن ایکٹ 1991ء اور ایمپلائمنٹ آف

رانا اعجاز حسین چوہان

چلڈرن رولز 1995ء جیسے ایکٹس بچوں کے حالات کار کو ضابطہ اخلاق میں لاتے ہیں۔ لیکن ہمارے ہاں المیہ یہ ہے کہ چائلڈ لیبر قوانین تو بنے ہیں لیکن آج تک کسی کو بھی ان قوانین کی خلاف ورزی کے حوالے سے سزا نہیں سنائی گئی اور عملاً صورت حال سب کے سامنے ہے۔ امیر لوگوں کے گھروں میں کام کرنے والے بچوں کے حالات کار سب سے برے ہیں جن پر شدید تشدد کے واقعات آئے روز منظر عام پر آتے رہتے ہیں، اس کے علاوہ بیشتر کاروباری مقامات اور ورکشاپ میں محنت کش بچوں پر معمولی معمولی بات پر تشدد واقعات معمول بن چکا ہے۔

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی ہر سال 12 جون کو محنت کش بچوں کا عالمی دن تو منایا جاتا ہے مگر دن منانے کے ساتھ ساتھ ان پھول جیسے بچوں سے مشقت کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ محکمہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو حکام کا کہنا ہے کہ والدین خود کمسن بچوں کو سڑکوں، بازاروں اور فیکٹریوں میں مزدوری کرنے کے لئے بھیج دیتے ہیں، جہاں حفظان صحت کے اصولوں سے آشنا نہ ہونے اور فیکٹریوں، کارخانوں کے شور و دھوئیں، گندے پانی کے فضلات کی وجہ سے مزدوری کرنے والے 70 فیصد سے زائد بچے ہیپاٹائٹس اے، بی اور سی جیسے وائرس اور دیگر مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

بچے کسی بھی قوم کا روشن مستقبل اور اثاثہ ہوتے ہیں، ان کی بہترین تربیت و نگہداشت پر جس قدر زیادہ توجہ دی جائے قوموں کی ترقی کے امکانات اس قدر زیادہ ہوتے ہیں۔ بلاشبہ مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے بہت سے غریب خاندانوں کو اپنے بچے محنت و مشقت پر لگانا ان کی مجبوری بن چکا ہے لیکن یہ بھی جائز نہیں ایسے موقع پر معاشرہ کوئی کردار ہی ادا نہ کرے، ہمارا مذہب تو اپنے ہمسائیوں چاہے وہ غیر مسلم ہی کیوں نہ ہوں ان کے حقوق کا خیال رکھنے کی بھی تعلیم دیتا ہے اور رشتے داروں کے حقوق تو اس سے بھی بڑھ کر ہیں۔

اگر ہمسائیوں، رشتے داروں یا جاننے والوں میں کوئی بے سہارا بچہ یا خاندان ہے تو انکی کفالت کرنا صاحب حیثیت لوگوں خصوصاً رشتے داروں اور ہمسائیوں کا فرض ہے تاریخ اسلام ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔ معاشرے کا فرض بنتا ہے کہ بچوں سے محنت و مشقت لینے کے بجائے ان کی تعلیم، صحت اور خوراک کیلئے ان کے والدین کو سپورٹ کیا جائے۔ غربت کے ہاتھوں مجبور ہو کر مزدوری کرنے والے بچوں کو مفت تعلیم، علاج معالجہ اور کفالت فراہم کی جائے، تاکہ یہ اچھے شہری بن کر ہمارے آنے والے کل کے لئے مثبت کردار ادا کرسکیں۔

حب چوکی کی فضاء غیر موثر اور انڈسٹری کی لاپرواہی اور ہاؤسنگ سوسائٹی کا قیام

درخت کٹاؤ مافیا کے خلاف ایک تحریک کا آغاز کر دیا جائے جس سے ہمارے اس خوبصورت شہر کی آلودگی

میر سعید اللہ بزنجو

کو بچایا جائے اور گرد و نواح میں کٹنے والی درخت کو محفوظ بنانے پر اقدام اٹھایا جائے تاکہ اس شہر کو محفوظ کیا جائے۔ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔ روئے زمین پر جا بجا پھیلے پیڑ پودے نوع انسان کے لئے قدرت کا انمول تحفہ ہیں۔ درخت نہ صرف سایہ فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ درخت آلودگی کی تباہ کاریوں سے بچاؤ اور زمین کے کٹاؤ کو روکنے کا اہم ذریعہ ہیں۔ ماہرین کے مطابق کسی بھی ملک کے کل رقبے کا 25 فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا چاہیے۔ درخت جہاں ماحول کو خوشگوار بناتے ہیں وہی انسانوں کے لئے بھی فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں انسان ان درختوں کے ذریعے اپنے آپ کو فضائی آلودگی سے بچانے میں کامیاب ہوتا ہے۔ درخت اللہ تعالیٰ کی وہ نعمت ہے جو موسمیاتی تبدیلی کا باعث بنتے ہیں۔ درختوں کی بدولت بارش کا موجب بننے والے بادل وجود میں آتے ہے اور پاکستان کی موسم چار طرح کی ہوتی ہے جو ایک اعزاز ہے لیکن اس کے باوجود ہم اس سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھاتے کیوں کہ ہمارے ملک میں صرف چار فیصد پر جنگلات موجود ہیں جو انتہائی کم اور قابل تشویش ہے۔ اور حب چوکی میں موجودہ حالت میں سورج طلوع ہونے سے پہلے کئی ہاؤسنگ سوسائٹی میں اضافے کا ایک سبب درختوں کا کٹاؤ بھی ہے۔ درختوں کے بے حساب کٹاؤ سے فضا میں آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ زیادہ ہو رہی ہے۔ اور موجودہ حالات درخت ہمارے لئے ایک دولت سے کم نہیں۔ لیکن ہر روز آپ کے نظر اس تباہ کاریوں کو اپنے آنکھوں سے گھر گھومنے میں مصروف ہیں اور یکساں طور پر اس تباہ کاریوں میں اضافہ ہو رہا ہے جو اس اسکیمات کی وجہ ہیں چونکہ کاربن ڈائی آکسائیڈ بطور خوراک استعمال کرتے ہیں لہذا اگر درخت کا کٹاؤ زیادہ رہا تو فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اضافہ انسانی صحت کے لیے خطرناک حد تک پہنچ جائے گا اور حب لسبیلہ میں آلودگی و ارمنگ کا اثر بہت زیادہ ہو جائے گا۔ کیونکہ ہمارے ڈسٹرکٹ میں اس کے بچاؤ کے لیے کوئی قابل ذکر ٹیکنالوجی موجود نہیں۔

حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ شجر کاری مہم کا باقاعدہ آغاز کرے اور لسبیلہ کے عوام اور انتظامیہ شجر کاری سے متعلق ایک آگاہی پروگرام جاری کریں تاکہ حب میں آلودگی کے اثرات کم ہوسکیں۔ اور ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے گھروں میں اور باہر اس چیز کو واضح کریں شجر کاری پر مثبت اثر پڑیں۔ اور ہمیں چاہیے کہ ہم اس ہاؤسنگ سکیم والوں کے خلاف شہریوں میں ایک مہم کا آغاز کریں تاکہ ساکران کے درخت کٹاؤ مہم کو روکا جاسکیں جو ہمارے اس تحصیل کی آخری امید ہے جو ہماری فضاء کو آلودگی سے بچانے میں کردار ادا کر رہا تھا اگر جگہ جگہ درختوں کی کٹائی زیادہ سے زیادہ شروع کردی گئی تو ہمارے شہر کی فضا کا اللہ ہی حافظ ہے۔ شجر کاری کے لئے آج کل دنیا میں جدید طریقے متعارف بنائے گئے ہیں۔ اور ہم ان کی کٹائی کے عمل میں مصروف عمل ہے اور ہمارے تحصیل حب ایک انڈسٹریل ایریا ہیں کیوں کہ اس کی فضاء غیر موثر ہے کیوں اس کمپنیوں کی وجہ سے فضاء میں کافی حد تک خراب اثرات مرتب ہو رہے ہیں اور نہ کمپنی مالکان کو اس بات کا اندازہ ہیں کہ وہ کس طرح اس شہر کے عوام کو اس قاتل بنتا جا رہا ہے انہیں چاہیے کہ ماحول دوست اور غریب پرور بنیں، اور اس شہری فضاء کی آلودگی کو مثبت کرنے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ اس شہر کی فضاء کو اس قابل بنایا جائے جہاں لوگ سکھ کا سانس لے سکیں اگر حب کی فضا کی آلودگی کا خیال نہ کیا گیا تو ہمارے اس شہر میں جو وبائے پھیل رہے ہیں یہ ایک عجیب کیفیت اختیار کر سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہمارے صوبے کے تحصیل حب میں کافی حد تک خطرناک بیماری پیدا ہو رہی ہیں اس کی وجہ سے گرد و نواح میں غیر سنجیدہ ماحول اثر انداز ہو رہا ہے اور فیکٹریوں میں دھاتیں استعمال ہوتے ہیں۔ ان کیمیائی مادوں کا غیر محتاط استعمال ماحولیاتی آلودگی کو جنم دیتا ہے، جس سے ایک طرف ہمارا ماحولیاتی نظام درہم برہم ہو جاتا ہے تو دوسری طرف بے شمار انسان خطرناک قسم کی بیماریوں کا شکار ہو کر بالآخر زندگی کی بازی ہار بیٹھتے ہیں۔ مختلف صنعتیں اور فیکٹریاں ہمارے ماحول کو کس قدر آلودہ کر رہی ہیں، اس کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ ایک رپورٹ کے مطابق ایک سیمنٹ فیکٹری میں روزانہ تقریباً ایک ہزار پانچ سو ٹن سیمنٹ تیار ہوتا ہے۔ اس تیاری کے عمل میں گرد و غبار کی صورت میں روزانہ منوں کے حساب سے مٹی، چونا اور دیگر زہریلی گیسیں فیکٹری کی چمنیوں سے نکل کر فضا میں تحلیل ہوتی ہیں، جس سے آس پاس کا ماحول آلودہ اور قریبی آبادی شدید متاثر ہوتی ہے۔ ہاں صنعتی علاقوں میں نکاسئ آب کے ناقص انتظامات کی وجہ سے جگہ جگہ زہریلے پانی کے جوہڑ، اُبلتے گٹر اور کھلے گندے نالے چلنے والوں کا راستہ روکتے ہیں۔ اس ماحولیاتی آلودگی کے سدباب کے لیے مناسب انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے جام کالونی کے لوگ اس پانی کو اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہے اور کبھی کیا کر سکتے ہزار بار لیڈا انتظامیہ کو آگاہ کیا ہے ایم ڈی لیڈا نے باور کروایا لیکن سب تو کی میں میں ہیں اور، جہاں ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے نہ جانے کتنی انسانی زندگیاں خطرات سے دوچار ہیں۔ تب بی اور مہلک قسم کی بیماریاں سر اٹھا رہی ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ برق و فولاد کے اس دور میں کوئی بھی صنعتی ترقی بغیر نہیں ہوسکتا لیکن یہ بھی ایک اٹل حقیقت ہے کہ اگر یہ ترقی بغیر کسی منصوبہ بندی کے ہو اور اس ترقی اور ماحول میں توازن قائم رکھنے کے لیے قابل قدر کوششیں نہ کی جائیں تو یہ ترقی نہ تو انسان دوست ہوتی ہے اور نہ ماحول دوست۔ بلکہ پھر صنعتی ترقی کی رفتار جتنی تیز ہوتی ہے اتنی ہی تیزی سے آلودگی میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ انفرادی سطح سے کہیں زیادہ حکومتی سطح پر کوششیں ہونی چاہئیں، لیکن پھر بھی اس سلسلے میں کمپنی مالکان کو کرنے کے لیے بہت کچھ ہے۔ جس کو بجالا کر ہم اپنی ذمہ داریوں کو پورا کر سکتے ہیں سے پہلے شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا جائے تمام ترجیحی کمپنی مالکان اس عمل پر غور شروع کریں کہ ہر سال وہ شجر کاری کیلئے ایک رقم مختص کریں یا چند ہزار شجر لگا کر اپنے فرائض سر انجام دیں تاکہ اس عمل سے کافی حد تک آلودگی سے بچا جائے اور انسانی زندگیوں کو محفوظ کیا جائے۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمال الدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

بقیہ شمال 1

آگاہ کریں گے جس کے بعد انتظامیہ ایکشن لے گی۔ لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کے بعد قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حکومتی اقدامات کا جائزہ لینے لاہور کا دورہ کیا، یہ دیکھا کہ حکومت کیا کررہی ہے اور ہماری عوام سے جو توقعات تھیں وہ کتنی پوری ہوئی ہیں۔ ایک تاثر یہ تھا کہ لاہور میں وباء تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے شاید مکمل لاک ڈاؤن کررہے ہیں لیکن میں بتانا چاہتا ہوں کہ مکمل لاک ڈاؤن کا مطلب ہے کہ پوری معیشت کو بند کردیا جائے جس کے ہم متحمل نہیں ہوسکتے، سب کو شروع دن سے میری رائے کا علم ہے کہ اگر ہم سنگاپور، نیوزی اور تائیوان کی طرح لاکھوں کی آبادی والے چھوٹے ممالک ہوتے، ان کی طرح ہمارے پاس وسائل ہوتے تو کوئی زیادہ مسئلہ نہیں تھا، وہاں پر گھر بھی بڑے بڑے ہیں، وہاں سماجی فاصلوں پر عملدرآمد میں کوئی مسئلہ نہیں ہے اور پھیلاؤ رک جاتا ہے اور ہم وائرس کو آہستہ آہستہ ختم کرلیتے۔ میں پہلے دن سے یہ کہہ رہا تھا کہ پاکستان 22 کروڑ آبادی والا ملک ہے اور یہاں پر 25 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کررہی ہے، بنگلہ دیش اور بھارت میں بھی یہی حالات ہیں۔ اگر ہمارے جیسے ممالک میں معاشی سرگرمیاں رک جاتی ہیں تو ہمارے جیسے ممالک میں سارا بوجھ نچلے طبقے پر پڑتا ہے، لوگ بیروزگار ہوجاتے ہیں، اگر ہر روز یا ہر ہفتے آمدن ان کے گھر نہ آئے تو یہ لوگ اپنے اہل خانہ کا پیٹ نہیں پال سکتے، ایسے ممالک میں سمارٹ لاک ڈاؤن ہوتا ہے۔ ہم نے سوچ سمجھ کر لاک ڈاؤن کا فیصلہ کیا کہ کسی طرح معیشت کے پہیے بھی چلتے رہیں، لوگ بیروزگار نہ ہوں اور وباء کو بھی کنٹرول کیا جائے، اس کو ساتھ ساتھ چلانا مشکل کام تھا۔ یہ باتیں ہوئیں کہ پہلے ہی لاک ڈاؤن کردینا چاہیے تھا یا زیادہ سخت لاک ڈاؤن کرنا چاہیے تھا، نیویارک کا میئر کہہ رہا ہے جو دنیا کا سب سے امیر شہر ہے جہاں کے ہیلتھ کا بجٹ ہمارے بائیس کروڑ عوام کے بجٹ سے دوگنا ہے وہ دیوالیہ ہو چکا ہے وہاں دیوالیہ نکل گیا ہے، یہ سوچیں ہمارے ملک میں کیا اثرات ہوں گے، ہم سے پوچھیں ہمیں کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ لوگ بات کرتے ہیں کہ وہاں زیادہ مشکل حالات ہیں وہاں زیادہ اموات ہوئی ہیں۔ ہمارے ہاں تین مہینے میں جتنی اموات ہوئی ہیں وہاں ایک ایک دن میں اتنی اموات ہوئی ہیں، ان کے ہسپتالوں پر زیادہ دباؤ تھا۔ لاک ڈاؤن سے معیشت تباہ ہوتی ہے، جب آپ ایک ملک کو بند کردیتے ہیں اس کا اموات سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، جتنی دیر ملک بند کرتے ہیں معیشت تباہ ہوتی ہے۔ ہم نے 13 مارچ کو لاک ڈاؤن کیا تھا اور انتہائی لاک ڈاؤن نیویارک کا ہے اگر اس کا دیوالیہ نکل گیا تو ہمارے اوپر کتنے مشکل حالات آئے ہیں، ہماری ساری آمدنی نیچے چلی گئی، ہمارے پاس لوگوں پر خرچ کرنے کے لئے کم ہو گیا ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ میں جب بھی آپ کے سامنے آیا ہوں کہ یہی کہا ہے کہ احتیاط کریں اگر ہم نے احتیاط نہ کی تو ہمیں آئندہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ شمال 2

کے نام پر کرپشن اور بروقت اقدامات نہ اٹھانے کی وجہ سے کورونا وائرس پورے صوبے میں بری طرح پھیل گیا ہے صوبے میں کوئٹہ کے علاوہ کورونا وائرس کے ٹیسٹ کی لیبارٹری ہی موجود نہیں ہے متاثرہ مریضوں کیلئے آئسولیشن وارڈ اور نہ ہی معیاری علاج کا بندوبست وانتظام ہے۔ یہ بات پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے عبدالرحیم زیارتوال، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی نواب اسلم رئیسانی، مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، جمعیت علماء اسلام کے مولوی سرور اور دیگر نے ہفتہ کو بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن چیمبر میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وباء سے بین الاقوامی دنیا کے مختلف ممالک نبرد آزما ہیں اور اس پر قابو پانا لاک ڈاؤن، سماجی فیصلے اور ڈبلیو ایچ او کے احتیاطی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کرنے سے ممکن ہے لیکن ہمارے ملک میں وفاقی اور صوبائی سطح پر عوام سے بھونڈا مذاق کیا گیا ملک کے وزیراعظم اور ذمہ دار لوگوں نے کورونا جیسی مہلک بیماری کو معمولی زکام اور نزلہ قرار دیا دوسری جانب کورونا کے نام پر سلیکٹڈ حکمرانوں نے بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے خیرات اور امداد کی اپیل کرتے رہیں لیکن حقیقی طور پر کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھائے گئے جس سے پورے ملک اور صوبے کے طول و عرض میں کورونا وائرس پھیل گیا حکمرانوں کی ناعاقبت اندیش پالیسیوں اور مجرمانہ غفلت کی وجہ سے کوئی گھر اب اس وباء سے محفوظ نہیں اور آئے روز درجنوں لوگ لقمہ اجل بن رہے ہیں اور ہزاروں متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے خلاف فرنٹ لائن پر کام کرنے والے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس، نرسز، فارماسسٹ اور صحت کے شعبے سے منسلک بے لوث ہیروز جو کہ کورونا وائرس کے متاثرہ مریضوں کے لئے ہمہ وقت موجود ہیں ہم انکی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں صوبائی سلیکٹڈ حکومت کی جانب سے بروقت ڈاکٹرز اور صحت کے شعبے سے تعلق رکھنے والے دیگر سٹاف کو بروقت حفاظتی پی پی ای کٹس فراہم نہ کرنے کی وجہ سے کورونا وائرس کا شکار ہوگئے اور کئی اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے اور ابھی ڈاکٹرز پیرامیڈیکس اور دیگر سٹاف کو بین الاقوامی معیار کے مطابق پی پی ای کٹس فراہم نہیں کی گئی جو کہ انتہائی قابل تشویش اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے علاوہ صوبے کے دیگر علاقوں میں کورونا وائرس کے ٹیسٹ کرنے کی لیبارٹری تک موجود نہیں ہیں حکومت فوری طور پر صوبے کے تمام اضلاع میں کورونا وائرس سے متاثرین کیلئے پی سی آر لیبارٹریز بنائے اور وائرس سے نمٹنے کیلئے تمام طبی آلات اور سہولیات فراہم کرے۔

بقیہ شمال 3

گئے بجٹ کے حوالے سے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ساتویں نیشنل فنانس ایوارڈ نے وفاقی حکومت کے ہاتھ باندھ دیئے تھے کیونکہ بالواسطہ اور بلاواسطہ محصولات سے حاصل ہونے والی آمدنی کا 60 فیصد صوبوں کے پاس چلا جاتا ہے جبکہ وفاق کے پاس 40 فیصد رہ جاتا ہے، وفاق کو تمام ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات اسی کے اندر رہ کر کرنا ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے حسب سابق سرکاری اخراجات میں کمی کے عمل کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، ہم نے بھارت کے عزائم کو جانتے کے باوجود دفاعی اخراجات کی مد میں بھی اضافہ نہیں کیا تاکہ لوگوں پر زیادہ بوجھ نہ پڑے یہ بہت بڑا فیصلہ ہے، اس سلسلے میں افواج پاکستان نے معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہمارے ساتھ بے پناہ تعاون کیا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم نے ان علاقوں اور طبقوں پر توجہ مرکوز کی ہے جو خط غربت سے نیچے زندگی بسر کررہے ہیں، اس کے لئے ہم نے احساس پروگرام کے تحت پچھلے سال 178 ارب کی رقم کو اس سال 208 ارب تک بڑھا دیا ہے، اگرچہ صحت اور تعلیم صوبوں کی ذمہ داری بنتے ہیں لیکن ہم نے ان شعبوں میں بھی بہتری لانے کیلئے اس بجٹ میں خطیر رقم مختص کی ہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ لوگوں پر بوجھ کم سے کم ڈالا جائے، پیسے کا ضیاع روکا جائے، معیشت کو دوبارہ بحال کیا جائے، بے روزگاری کو ایک حد سے زیادہ نہ بڑھنے دیا جائے، ان مشکل حالات میں انتہائی مناسب، حوصلہ افزاء اور پرامید بجٹ دینے پر میں وزیرخزانہ اور ان کی پوری معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بقیہ شمال 4

حکام کو ہدایت کی ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت خالق آباد اور قلات میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو مقررہ ٹائم لائنز کے مطابق ہر صورت یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ منصوبے صرف فائلوں کی بجائے گراؤنڈ پر بھی نظر آئیں اور لوگوں کو ان منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ عوامی مفاد کے ان ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور تاخیر کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کورونا کی موجودہ صورتحال کی وجہ سے کام سست روی کا شکار ہے وزیرداخلہ نے متعلقہ حکام بالا کو ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر موثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے سلسلے میں دفتری امور نمٹانے کے روایتی انداز سے ہٹ کر کام کیا جائے اور یہ منصوبے عوام کی مستقبل کی ضروریات کو سامنے رکھ کر تعمیر کئے جارہے ہیں۔

بقیہ شمال 5

کوئٹہ اور ہرنائی سنجاوی پنجاب، زیارت کوئٹہ شاہراہوں کی تعمیر سے دونوں اضلاع کے معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے، زراعت اور معدنیات کے کاروبار کو فروغ ملے گا روزگار کے دروازے عوام پر کھل جائیں گے کیونکہ پختہ شاہراہیں ہی ہر علاقے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے وفاقی بجٹ عوام دوست بجٹ ہے جس میں ہر شعبے کی ترقی کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں خصوصاً 70 سالوں کے بعد بلوچستان کو وفاق سے انکا حق مل رہا ہے اس لئے وفاقی بجٹ کو بلوچستان دوست بجٹ قرار دیتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی صحافیوں سے اسلام آباد سے کوئٹہ پہنچنے پر ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ضلع ہرنائی قدرتی وزرعی وسائل سے مالا مال ضلع ہے ماضی کے وفاقی وصوبائی حکومتوں نے مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا تھا قومی شاہراہوں کی تعمیر سے ضلع ہرنائی کے معدنیات، زراعت کو فروغ ملے گا قومی شاہراہوں کی تعمیر سے ضلع کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب پڑے گے قومی شاہراہوں کی تعمیر ضلع ترقی کی راہ پر گامزن اور عوام کو روزگار کے مواقع میسر ہونگے، ہرنائی کے اہم قومی شاہراہوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنا ضلع کے عوام کے دیرینہ مطالبہ تھا، انہوں نے کہا کہ ہماری سیاست کا محور عوامی خدمت ہے جس کیلئے دن رات کوشاں ہوں وفاقی پی ایس ڈی پی میں حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع کے اربوں کے ترقیاتی منصوبے شامل کئے گئے ہے۔

بقیہ شمال 6

ایشوز کے پیچھے کب تک چھپنے کی کوشش کی جائے گی حکومت میں مسائل اور درپیش بحرانوں سے نمٹنے کی قطعی صلاحیت نہیں ہے ایک کروڑ ملازمتیں اور 50 لاکھ گھر تعمیر کرنے والی حکومت لوگوں سے ان کا روزگار چھین لیا اور اسٹیل مل کے ملازمین کو نکالا بجٹ میں عام عوام اور سرکاری ملازمین، مزدور، کسان سمیت معیشت کی بہتری کے لیے کچھ شامل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول لیوی میں 70 فیصد سے زائد کا اضافہ ہے۔

بقیہ شمال 7

ایک شخص کورونا وائرس سے جان کی بازی ہار گیا ہے صوبے میں کورونا سے جاں بحق ہونیوالوں کی تعداد 83 ہوگئی ہے آر آر ٹی کی جانب سے گزشتہ روز 1364 افراد کی اسکریننگ کی گئی جن میں 789 افراد کے نمونے لئے گئے ہیں محکمہ صحت کے مطابق 8 ہزار میں 98 فیصد کیسز لوکل کیوئی کے ہیں جن میں کوئٹہ میں 6393 مستونگ میں 141 قلعہ عبداللہ میں 147 اور جعفرآباد میں 199 افراد میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران گھروں پر آئسولیٹ مریض 73 افراد صحت یاب ہوگئے ہیں۔

بقیہ شمال 8

اہم کارنامہ ہے حب بائی پاس کے تکمیل کی مقررہ مدت 30 جون سے قبل تکمیل کیلئے کنٹریکٹرز نے ہیوی مشینری پراجیکٹ سائٹ پر فراہم کردی ہے اور روڈ کی بلیک ٹاپنگ کیلئے مختلف سیکشن پر کام تیزی سے جاری ہے سرکاری ذرائع کے مطابق لسبیلہ کی ترقی کیلئے جاری منصوبوں میں حب بائی پاس پراجیکٹ یہاں کے لوگوں کیلئے حکومت بلوچستان کا شاندار تحفہ ہے جس کی تکمیل سے لسبیلہ میں تعمیر وترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا واضح رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی ہدایت پر لسبیلہ کے صنعتی شہر حب وندر بیلہ اور مکمل ساحلی تفریح گاہ کنڈ ملیر کیلئے ماسٹر پلان کی منظوری دی جاچکی ہے ماسٹر پلان منصوبے کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کیلئے سپرنٹنڈنٹ انجینئر قلات ڈویژن سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کو تعینات کیا گیا ہے پراجیکٹ ڈائریکٹر نے چارج سنبھالنے کے بعد ترجیحی بنیادوں پر کنسلٹنسی کیلئے ورک پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے ٹینڈرز طلب کئے جس پر بیشمول سمیت ملک کی معروف آرکیٹک فرمیں کنسلٹنسی کیلئے اپنی خدمات پیش کرچکی ہیں حکومت بلوچستان کے ہدایات کی روشنی میں میرٹ کی بنیاد پر کنسلٹنسی کی ذمہ داری اہم فرم کو دی جائیگی لسبیلہ کی معاشی سماجی ترقی اور یہاں کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے ماسٹر پلان کی منظوری پر لسبیلہ کے عوام نے حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ صوبے میں سب سے زیادہ ریونیو دینے والے صنعتی شہر حب کی ترقی کیلئے پائیدار منصوبوں کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچائی گی۔

بقیہ شمال 9

مطابق نئے مالی سال میں وفاقی بجٹ کی حد 1340 ارب تھی جو 50 ارب کم کرکے 1290 ارب روپے رکھی گئی۔ حماد اظہر نے کہا کہ حکومت ان حالات میں کفایت شعاری کے اصولوں پر کاربند ہے، افواج پاکستان کے مشکور ہیں کہ انہوں نے حکومت کی کفایت شعاری کی کوششوں میں بھرپور تعاون کیا ہے۔

بقیہ شمال 10

گیا کہ وزیراعظم کوویڈ فنڈ سے تقریباً 13 لاکھ افراد کو مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ وزیراعظم نے سنٹر پر موجود افراد سے بھی بات چیت کی اور ان سے روزگار کے حالات کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ موجودہ حالات میں حکومت تعمیراتی شعبے کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ مزدور اور غریب افراد کو روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔

بقیہ شمال 11

ہے، مشکل حالات میں انتہائی مناسب، حوصلہ افزاء اور پرامید بجٹ دینے پر میں وزیرخزانہ اور ان کی پوری معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہفتہ کو وفاقی بجٹ 2020-21 کے حوالے سے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ 2020-21 کا بجٹ پیش کردیا گیا ہے، کاش اپوزیشن کا رویہ سنجیدہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جی ڈی پی آمدن میں جو خسارا ہوا ہے وہ 3000 ارب کا ہے، 2020-2021 کا بجٹ غیر معمولی حالات میں پیش کیا گیا جب کرونا وبا نے دنیا کی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا ہے، معیشت کا پہیہ رک جانے کی وجہ ہمارے محصولات میں 800 ارب روپے کی کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جولائی سے مارچ تک ہماری برآمدات میں اضافہ ہوا جبکہ مارچ سے جون تک کورونا کی وجہ سے ان میں تیزی کے ساتھ کمی آئی، جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ماضی کی حکومتوں کیلئے لئے گئے قرضہ جات پر سود کی ادائیگی میں ہمارے بجٹ کا بہت بڑا حصہ صرف ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت نے یہ قرضے نہیں لیے، یہ ماضی کی حکومتوں نے لیے ہیں لیکن ہمیں ان کی ادائیگیاں کرنا ہیں، اس کیلئے وزیراعظم عمران خان کی کوشش ہے کہ ہم نہ صرف پاکستان بلکہ پوری ترقی پذیر معیشتوں کیلئے بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے رعایت مانگیں، مجھے خوشی ہے کہ جی 20 اور پیرس کلب نے ہمیں کچھ رعایت دی ہے۔

بقیہ شمال 12

اویجز پر مستقل نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا تاہم گزشتہ روز حکومت کی جانب سے مذکورہ نوٹیفکیشن واپس لینے کا ایک اور نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔

بقیہ شمال 13

جلد فعال کرنے کے لئے انتخابات کے انعقاد کے انتظامات مکمل کئے جائیں تاکہ مقامی حکومتوں کے ذریعے عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کیے جاسکیں۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ تمام انتظامی اور قانونی انتظامات مستعدی سے کیے جارہے ہیں اور ویلیج پنچایت انتخابات اور مقامی حکومتوں کے انتخابات مقررہ وقت پر منعقد کیے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی الیکشن کمیشن اگلے ماہ سے ساٹھ دنوں میں حلقہ بندیاں مکمل کرلے گا اور جس کے بعد ویلیج اور پنچایت کی سطح پر انتخابات کروائے جاسکتے ہیں، یہ انتخابات 45 دنوں میں مکمل ہوں گے۔ مقامی حکومتوں کے انتخابات کا انعقاد سال کے آخر تک ہوسکتا ہے۔ وزیر اعظم نے مقامی حکومتوں کے حوالے سے انتظامی اور قانونی تقاضوں کی تیاری کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ شمال 14

آغا سید عبداللہ شاہ باچا خان اچکزئی منان کاکڑ ودیگر شریک ہوئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ رات کو نوٹیفکیشن جاری کیا اور دوسری دن دوپہر کو نوٹیفکیشن واپس لیا گیا کون سی قیامت آگئی ہے جو نوٹیفکیشن واپس لیا گیا جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کو دوبارہ احتجاج مظاہرہ اور پریس کانفرنس پر مجبور کیا جارہا ہے ہوٹل اور ریسٹورنٹ کے حوالے سے گزشتہ دنوں کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی اور اے ڈی سی کوئٹہ ثاقب کاکڑ سے جو میٹنگ کی وہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور ہم نے اپنے ذمہ داری لینی عبدالرحیم کاکڑ، سید عبدالقیوم آغا، میر یاسین مینگل، عباس کاسی، زاہد کاکڑ، حاجی باری آغا کے دستخطوں سے ہوٹلز اور ریسٹورنٹ والوں کے ذمہ داری لی اور ہم نے انکو ہدایت بھی جاری کیا کہ وہ ایس او پیز جن میں دستانے ماسک سینیٹائزر وغیرہ میں کی پابندی کریں۔

بقیہ شمال 15

ایشن نے حکومت کو چینی 70 روپے فی کلو کی پیشکش کردی ہے، وہ جو کل تک کہتے تھے لاگت بہت زیادہ ہے آج بھاؤ تاؤ کررہے ہیں تاہم انہیں پتہ نہیں کہ آگے بھی وزیر اعظم عمران خان بیٹھے ہیں۔ معاون خصوصی نے کہا کہ اب بات 70 فی کلو پر نہیں رکے گی، ہم اصل لاگت عوام کے سامنے رکھیں گے اور چینی کی درست قیمت طے کرنی پڑے گی۔

بقیہ شمال 16

سیکرٹری جاوید اقبال، صدر تحصیل نانا صاحب، میر داؤس کاکڑ ایڈووکیٹ، آصف ایڈووکیٹ، طارق بٹ ایڈووکیٹ، یم کاسی ایڈووکیٹ، سعد اللہ ترین، وارث اچکزئی، ادتار چکزئی، حیدر اچکزئی، لیاقت راجپوت، طارق گل پیچرک، ذاکر ہنکولوی، غلام آغا بشنو گل، ارباب اقبال کاسی نے اہل بلوچستان سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے مکمل طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کریں 20 جون سے 10 جولائی تک کراسیس پریڈ کے دوران تمام صوبے کے سیاسی پارٹیاں علماء کرام قبائلی عمائدین سماجی و مذہبی شخصیات ایم پی اے، ایم این اے سینیٹرز حقوقی ارکان اپنے اپنے حیثیت کے مطابق عوام لوگوں کو ہر قسم کی احتیاط کرنے کی تلقین کریں۔

بقیہ شمال 17

نصیرآباد نے جعفرآباد میں بڑھتی ہوئی کرائم کا نوٹس لے لیا۔ ڈی ایس پی ڈیرہ اللہ یار خاوند بخش کھوسو اور ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار گل حسن بہرانی کو اپنے آفس میں طلب کرکے تمام واقعات سے سختی سے نمٹنے کی ہدایات دی۔ ایس ایس پی جعفرآباد سید علی آصف شاہ کو بذریعہ ٹیلی فون احکامات جاری۔ امن امان کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد شباب عظیم لہڑی نے ڈیرہ اللہ یار میں بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی ودیگر کرائم پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی ایس پی ڈیرہ اللہ یار خاوند بخش کھوسو اور ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار گل حسن بہرانی کو اپنے آفس میں طلب تمام واقعات کا نوٹس لینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام پولیس پر بھروسہ کرتی ہے جسے بھی ختم نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ شمال 18

شیخ زید ہسپتال کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص عبدالمجید کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

بقیہ شمال 19

مقبوضہ کشمیر میں مختلف علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران یکم جون سے 27 نوجوان شہید ہو چکے ہیں، ایک درجن سے زائد مکانات تباہ ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مقبوضہ جموں وکشمیر کے ضلع کولگام کے نیورہ علاقہ میں سیکیورٹی فورسز اور مجاہدین کے مابین جھڑپ میں دومجاہد شہید ہوگئے۔ بتایا جارہا ہے کہ ضلع کولگام کے دیہہ سر تورہ علاقہ کو سیکیورٹی فورسز جموں وکشمیر پولیس کی مشترکہ ٹیم، فوج کے 19 راشٹریہ رائفلز اور سنٹرل ریزرو پولیس نے جمعہ کی رات اس وقت محاصرہ میں لے لیا جب انہیں وہاں پر عسکریت پسندوں کے موجود ہونے کی مصدقہ اطلاع ملی۔

بقیہ شمال 20

عائد کیا گیا ہے جبکہ وفاقی دارالحکومت میں 5 کنال اور اس سے بڑے مکانات پر 2 لاکھ روپے فی کنال ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں 4 کنال اور اس سے زائد کے فارم ہاؤسز پر بھی لگژری ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ شہر اقتدار میں 4 کنال کے فارم ہاؤس کے 5000 سے 7000 مربع فٹ تک تعمیر شدہ حصے پر 25 روپے فٹ سالانہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ چار کنال کے فارم ہاؤس کے 7001 سے 10 ہزار مربع فٹ تک تعمیر شدہ حصے پر 40 روپے فٹ سالانہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے جبکہ چار کنال کے فارم ہاؤس کے 10 ہزار مربع فٹ سے زائد تعمیر شدہ حصے پر 50 روپے فٹ سالانہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔

بقیہ شمال 21

اور عوامی ریلیف کے شعبہ جات کو نظر انداز کیا گیا ہے، بجٹ میں غریب اور محنت کش طبقات کے لئے کچھ بھی نہیں، پی ایس ڈی پی اور ترقی اخراجات کہاں ہیں جن سے روزگار ملے گا اور ملک میں ترقی ہو؟۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئندہ سال اور بھی سخت اور مشکل ہوگا، پی ایس ڈی پی کی رقم میں اضافہ اور تخلیقی پروگرام درکار تھے تاکہ لوگوں کو روزگار ملتا، غربت میں کمی آتی، سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام میں 701 ارب سے مزید کمی کرکے 650 کردیا گیا، بجٹ میں سماجی تحفظ کی رقم 245 سے مزید کم کرکے 230 ارب کردی گئی ہے، کورونا وبا کی صورتحال درپیش ہے جبکہ حکومت نے سماجی تحفظ کی رقم میں کٹوتی کردی ہے۔

بقیہ شمال 22

توہین عدالت کیس میں وفاقی حکومت کے خلاف توہین عدالت کیس پر فیصلہ محفوظ کرلیا جبکہ وفاقی حکومت نے عدالتی حکم پر ڈاکٹر پرویز حسن کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ ہفتہ کو سیکرٹری ماحولیاتی تبدیلی، وزارت داخلہ، سی ڈی اے کے حکام اور ڈی جی انوائرمنٹل پروٹیکشن بھی عدالتی حکم پر عدالت میں پیش ہوئے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل طیب شاہ نے کہا کہ کمیشن اپنا کام جاری رکھے گا۔ چیف جسٹس نے سیکرٹری ماحولیاتی تبدیلی سے استفسار کیا کہ کیا وفاقی حکومت کمیشن رپورٹ میں دلچسپی نہیں لے رہی۔ سیکرٹری ماحولیاتی تبدیلی نے کہا کہ ہم نے عدالتی حکم کی تعمیل کرکے نوٹیفکیشن جاری کیا۔

بقیہ شمال 23

کا پہیہ رک گیا ہے لیکن حکومت کی گزشتہ کارکردگی بھی سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی نااہلی چھپانے کیلئے کورونا وائرس کا سہارا لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ٹیکس وصولی کیلئے 93.4 ٹریلین روپے کا ہدف مقرر کیا ہے لیکن موجودہ صورتحال میں اس کو پورا کرنا ممکن نہیں ہے۔ گزشتہ بجٹ میں بھی حکومت نے 5.5 ٹریلین روپے کا ہدف مقرر کیا تھا لیکن 9.3 ٹریلین روپے کی وصولی ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کا خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت بینکوں سے قرضے حاصل کرے گی۔

بقیہ شمال 24

قلفی آئسکریم کی تیاری وفروخت اور نامناسب اسٹوریج، کارخانہ میں گندگی سمیت مختلف وجوہات پر سیل کیا گیا، فیکٹری سے غیر معیاری آئسکریم اور قلفی کی بڑی مقدار قبضے میں لیکر موقع پر تلف کرتے ہوئے فیکٹری مالک کو پولیس کے حوالے کردیا گیا ارباب کرم روڈ اور سریاب روڈ میں سیٹ شاپس کے خلاف دکانوں میں گندگی، دکانداروں کی ذاتی صفائی نہ ہونے، ناقص اسٹوریج جبکہ چکن ہاؤس میں کھانوں کی تیاری کے نامناسب انتظامات ودیگر وجوہات پر جرمانہ کیا گیا۔

بقیہ شمال 25

ہوگا مرکز کو چاہیے کہ وہ صوبوں کو بااختیار بنائے تاکہ ملک تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن ہو نواب اکبر بگٹی مالی خودمختاری کے حوالے سے کہتا تھا کہ ہر ایک کو اپنے گھر کی رنگ وروغن کا اختیار دینا چاہیے انہوں نے کہا کہ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ مرکز کے برتاؤ سے مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد یہ ثابت ہوچکا کہ وفاق کے اندر اکھٹے رہنے کی صلاحیت نہیں ہے۔

بقیہ شمال 26

فرار ہونے کے بعد شعیب معروف شخصیت کہوڈا اسحاق کے بیٹے تھے۔

بقیہ شمال 27

ہزاروں روپے لے لئے گئے جن میں الکوثر بیکری والے سے 55 ہزار روپے تاج محل بیکری سے 50 ہزار روپے المرحل بیکری والے کو 80 ہزار روپے کا ڈیمانڈ کیا تھا لیکن ان کے ساتھ 5 ہزار روپے پر فیصلہ ہوا بیکری سے 2500 حلوائی سے 15000 روپے لے گئے بیکری والوں مطابق دوسرے بیکری مالکان سے بھی پیسے لے گئے ہیں ان بیکری مالکان کو فوڈ آفیسر نے محکمہ یا انتظامیہ یا اپنی جانب سے کسی قسم کا رسید نہیں دیا اے ڈی سی ریونیو سید صلاح الدین آغا نے بتایا کہ ڈوب میں سال انڈسٹری نہیں ہے۔

بقیہ شمال 28

نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کی بلارنگ ونسل مذہب خدمت کرنا اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں علاقے میں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی جو کہ حلقہ انتخاب کے عوام کا بنیادی حق ہے جس کو ہرحال میں پورا کریگے عوام کو کسی حال میں بھی نہ تو مایوس ہونے کی ضرورت ہے اور نہ ہی اپنے عوام کو کسی کے رحم وکرم پر چھوڑیگے عوام کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں لیکن انشاء اللہ اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو خوشحال، ترقی یافتہ بنا کر دور جدید کے تقاضوں کے برابر لاکر کھڑا کردیگے۔

بقیہ شمال 29

لوڈس مئی کو اوبچانی پر فوج بھیج دی تھی تاکہ وہاں سڑکیں بنائی جاسکیں لیکن چینی فوج نے بھارتی فوج کو دھکے دے کر اس علاقے سے ہٹا دیا تھا۔

بقیہ شمال 30

ہوگئے۔ ہفتہ کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے کورونا وائرس کے تازہ اعداد وشمار جاری کردیے جس کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں کورونا مزید 88 زندگیاں نگل گیا، ملک میں کورونا سے مرنے والوں کی تعداد 2551 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ریکارڈ 6472 کیسز سامنے آگئے جس کے بعد مجموعی کیسز کی تعداد ایک لاکھ بتیس ہزار 405 تک جاپہنچی۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں کورونا کیسز کی تعداد سب سے زیادہ ہے، پنجاب میں کورونا کیسز 50 ہزار سے تجاوز کرگئے۔ این سی او سی کے مطابق سندھ میں کورونا کیسز کی تعداد 49256 ہوگئی، خیبر پختونخواہ میں 16415، بلوچستان میں 7866 کورونا کیسز رپورٹ ہوئے۔

بقیہ شمال 31

میسر نہیں جبکہ حکومت مغربی ایجنڈے کی تکمیل کیلئے مدارس کی اصلاحات کے نام پر رقم مختص کررہی ہے حالانکہ مدارس پہلے سے ہی اصلاح شدہ ہیں اور اصلاحی تحریک ہیں ہم مغربی ایجنڈے کی تکمیل کو مسترد کرتے ہیں جمعیت علماء اسلام واحد سیاسی وہ مذہبی جماعت ہے جنہوں نے ہر فورم پر اپنی عوام علماء، مدارس کے طلباء کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے لیکن وفاقی حکومت کے مغربی ایجنڈے کو کسی صورت تکمیل تک پہنچنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

بقیہ شمال 32

پی ڈی ایم اے نے ٹڈی دل کے حملے سے نمٹنے کے لیے صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کی مدد سے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ صوبے بھر میں ٹڈی دل کے حملے کو جدید مشینری کے استعمال اور جامع حکمت عملی سے بڑی حد تک روکا گیا ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ٹڈی دل کی روک تھام و تدارک کے لئے استعداد کار میں خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے۔

بقیہ شمال 33

بجٹ میں شامل کرکے عوام دوست شخصیت کا ثبوت دیا ہے جس سے چیئرمین سینٹ داد کے مستحق ہیں حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ توکنڈی تو ماشکیل روڈ کی تعمیر سے ماشکیل کے عوام کو بہت بڑی سہولت میسر ہوگی اور ہزاروں کی تعداد میں لوگ توکنڈی تو ماشکیل روڈ سے مستفید ہوگے حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ چیئرمین سینٹ میر صادق سنجرانی کے لیئے دعاگو ہوں کہ اللہ پاک میر صادق سنجرانی کو مزید ترقی دیکر آئندہ ملک کا وزیراعظم بنائے۔

بقیہ شمال 34

یابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے علاج کی پیشکش کرنے پر چین کی حکومت، قیادت اور لیجیان ژاؤ کا شکریہ، نیک تمناؤں کا جوابی پیغام دیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ آپ کی فکر مندی اور پیشکش چین کی پاکستان کے عوام سے محبت، تعظیم وابستگی اور ہمدردی کا مظہر ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ چین کی یہ محبت، احساس اور وابستگی میرے لئے ہمیشہ سرمایہ افتخار ہے، لیجیان ژاؤ پاکستان میں چین کے نائب سفیر کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔

بقیہ شمال 35

وفاقی سطح پر اکٹھے کئے فنڈز کی منتقلی نہیں ہوئی بیان میں کہا گیا ہے کہ بجٹ سے قبل این ایف سی ایوارڈ کا اعلان کیا جاتا تاکہ صوبوں کے درمیان تقسیم آرٹیکل 160 کے عین مطابق ہوتی لیکن اسکے برعکس وفاقی سطح پر زیادہ رقم رکھی گئی ہے۔

بقیہ شمال 36

میں انہوں نے کہا کہ یہ بجٹ آئی ایف نے بنایا ہے جو آئی ایم نے ٹارگٹ دیا ہے انہوں نے بجٹ میں ڈالا ہے، کورونا وائرس سے پہلے ہی حکومت ریکارڈ قرضے لے چکی ہے یہ بجٹ نہیں ہے اعداد وشمار کی ہیرپھیر ہے، یہ عوام اور ملک دشمن بجٹ ہے جسے پاکستان پیپلز پارٹی قبول نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کرکے نچلے متوسط طبقے کی زندگیاں مزید مشکل بنادی گئی ہیں حالانکہ افراط زر دس فیصد تک پہنچ چکا ہے۔

بقیہ شمال 37

بلوچستان کی ترقی میں کس قدر سنجیدہ ہے گلگت بلتستان جس کا رقبہ بلوچستان کے قومی اسمبلی کے ایک حلقے سے بھی کم ہے کیلئے بلوچستان سے آٹھ گنا زیادہ بجٹ رکھا گیا ہے بجٹ میں بلوچستان عام آدمی اور سرکاری ملازمین کیلئے کچھ نہیں انہوں نے کہا کہ کئی ماہ سے بلوچستان کی دوسیاسی جماعتیں کوئٹہ کراچی شاہراہ کو دورویہ کرانے کا سہرا اپنے قائدین کو دے رہی تھیں بجٹ میں اس کا ذکر تک نہیں وزیراعلیٰ بلوچستان کے احتجاج کے باوجود زیادہ ترمنصوبے بجٹ میں شامل ہی نہیں کیے گئے انہوں نے کہا کہ بجٹ میں سرکاری ملازمین کیلئے تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا لیکن ایف آئی اے، نیا پاکستان ہاؤسنگ سمیت مختلف اداروں کے ملازمین کی تنخواہیں پہلے ہی گزشتہ سال ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے کافی بڑھائی گئی جنہیں بجٹ میں ریگولر کیا گیا اس سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں امتیازی فرق ختم کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ چھوٹے تاجروں کے لیے آسان قرضہ اسکیم کا اجراء نہیں کیا گیا چھوٹا کاروبار 40 فیصد ورک فورس کو روزگار فراہم کرتا ہے، ناقص حکومتی پالیسیوں نے 51 ارب ڈالر کی معیشت تباہ کردی ہے ناکام حکومت کورونا کے پیچھے چھپنا چاہتی ہے حکومت فائلر اور نان فائلر کا چکر چلا کر بری الزمہ نہیں ہوسکتی بینکوں سے نقد رقوم نکلوانے پر ودہولڈنگ ٹیکس کا خاتمہ نہیں کیا گیا آٹے، چینی، اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں کمی کے لیے سیلز ٹیکس کا خاتمہ کیا جائے۔

بقیہ شمال 38

سال میں مکمل ہونے والا گوادر ایسٹ بے ایکسپریس وے بریک واٹر کے ایک ارب روپے کی پروجیکٹ کیلئے وفاقی پی ایس ڈی پی میں صرف 20 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ اتنا کم فنڈز رکھنا منصوبے کو ناکام بنانے کی سازش ہے بلوچستان کے ساتھ اس طرح کا رویہ باعث افسوس اور زیادتی ہے انہوں نے کہا کہ وفاق میں پاکستان تحریک انصاف کے اتحادی جماعت کی حیثیت سے ہمیں حکومت سے اس طرح کی امید نہیں تھی۔

بقیہ شمال 39

نہ ہوں صرف احتیاط کریں تربت ہسپتال میں پانچ وینٹیلیٹرز موجود ہیں لوگوں کی فری ٹسٹ لئے جار ہے ہیں جبکہ کوئٹہ کھجور کسی شہر میں وینٹی لیٹرز دستیاب نہیں مگر ہم نے تربت کیلئے منگوائے ہیں کمشنر مکران اور ضلعی انتظامیہ کی بی آر ٹیم نشین لانے کی کوشش کررہے ہیں جلد کامیابی ملے گی جن افراد کے کورونا وائرس ٹسٹ مثبت آئے ہیں وہ صحتمند ہیں اور ان میں وائرس کے اثرات نہیں ہیں آئی سولیشن وارڈ میں ساڑھے 7 لاکھ روپے کے ایئر کنڈیشنز لگوادیے ہیں جوافراد متاثر تھے ان کے گھروالوں اور رابطے میں رہنے والوں کو ڈھونڈ کر سیمپل لئے ہیں ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت کیا ڈاکٹرز کیساتھ ملکر بھرپور کام کررہی ہے کورونا وائرس اب انفرادی جنگ بن چکا ہے ہر شخص خود احتیاط کرے کوئی بلاوجہ گھر سے نہ نکلیا کر ماسک نہیں تو کوئی بھی کپڑا لیکر منہ ڈھانپ لیں تاکہ اس دوران کورونا وائرس کیساتھ گرد وغبار کی وجہ سے دیگر بیماریوں سے بچ سکیں بلوچستان کے دوسرے اضلاع کی نسبت ہم نے زیادہ ٹسٹ کئے ہیں اسلئے کیسز زیادہ سامنے آئے ہیں انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ کورونا وائرس اور ہیلتھ ایمرجنسی کے تحت مکران ڈوین کیلئے حکومت کی جانب سے کمشنر مکران کو ایک کروڑ روپے ملا ہے لیکن کورونا وائرس کے حوالے سے کافی اخراجات آرہے ہیں سیمپلز لیکر کوئٹہ بھجواتے ہیں مگر ہم اپنے اعلیٰ حکام سے رابطے میں ہیں۔

بقیہ شمال 40

یہ ڈاکہ ڈال کر ڈکیتیاں کررہے ہیں، جس پر پیر آف قمر شریف نے کہا کہ ختم نبوت ﷺ کیلئے ہماری جان بھی حاضر ہے۔ عرفان محمود برق نے سائیں سید غلام حسین شاہ بخاری کو اپنی مشہور کتاب "قادیانیت اسلام اور سائنس کے کٹہرے میں" پیش کی جس پر سید غلام حسین شاہ بخاری نے ڈھیروں دعائیں دیں اور عرفان محمود برق کا ماتھا چوما، نیز پیر صاحب نے عنقریب سندھ سطح پر ایک عظیم الشان تاجدار ختم نبوت کانفرنس کی بھی حامی بھری اس موقع پر سینئر صحافی سید بدر شاہ، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، سید نصر اللہ شاہ، سید نصر اللہ شاہ، حافظ بشیر احمد حسینی ودیگر موجود تھے۔ اس موقع پر ملک کے معروف نعت خواں رحمت اللہ اشاری حسینی نے نعت رسول مقبول ﷺ پڑھ کر سب کو جھومادیا۔

بقیہ شمال 41

زہری، ڈاکٹر علی نواز پرکانی، حاجی اکبر سلمانکیل، ملک ایوب مانکیل، نور محمد رخشانی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرامن اور جمہوری طریقے سے احتجاج ہر پاکستانی شہری کا جمہوری اور آئینی حق ہے لیکن اپوزیشن ارکان اسمبلی نے گزشتہ روز احتجاج کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، سابق وزیراعلیٰ مرحوم میر جام یوسف کے خلاف جو نازیبا زبان استعمال کی اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے یہ بلوچستان کی قبائلی روایات کے خلاف تھا جس پر اپوزیشن جماعتوں کو فوری معافی مانگی چاہئے۔

بقیہ شمال 42

بازاروں میں ماسک کے استعمال کیلئے سختی سے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا ہمیں عوام کا تحفظ عزیز ہے کسی بھی صورت چند افراد کی لاپرواہی کا خمیازہ پوری عوام کو بھگتنے نہیں دیں گے کورونا وائرس کا علاج تاحال دریافت نہیں ہوسکا مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ احتیاطی تدابیر اختیار کرکے ہم اپنی جانیں بچاسکتے ہیں جس کے لئے تمام تر اقدامات پر عملدرآمد کرارہے ہیں عوام کو چاہیے کہ وہ ماسک سینیٹائزر کے استعمال کو ضروری بنائیں تاکہ وہ مہلک موذی وائرس سے محفوظ رہ سکیں ہم سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم ایک قوم ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے احتیاطی تدابیر پر مکمل طور پر عملدرآمد کریں اور ماسک کے استعمال کو ضروری بنائیں تاکہ ہم سب اپنی زندگیوں کو محفوظ رکھ سکیں۔

بقیہ شمال 43

میں راشن تقسیم کیا گیا ہے جبکہ اس مزید مستحق افراد کی لسٹیں مرتب کی جارہی ہیں آل ڈس ایبل کوبلو کے سربراہ ثناء اللہ مری نے کہا ہے کہ ہماری کوشش مشکل وقت میں عوام کی خدمت ہے اور اس حوالے سے عملی کوشش کررہے ہیں کہ غریبوں کی ہرممکن مدد کرسکیں صاحب حیثیت اور مخیر حضرات سے اپیل ہے کہ وہ آل ڈس ایبل کی مدد کریں تاکہ ہم لاک ڈاؤن سے متاثرہ دیہاڑی دار اور مستحق افراد میں راشن کی تقسیم کو یقینی بناسکیں۔

بقیہ شمال 44

نگرانی کی جارہی ہے۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر قائم لاشاری نے ماڈل ہائی سکول چشین کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے اپنی طرف سے پرانی اور خستہ حال عمارت میں جاری تعمیر ومرمت اور تمام کمروں میں رنگ وروغن اور سائنگ کے کام کا جائزہ لیا۔

بقیہ شمال 45

کی ایران برآمد شدید متاثر ہوگئی ہے تفتان میں آموں سے بھرے سینکڑوں ٹرک پھنس گئے کئی روز سے پھنسے ٹرکوں میں آم خراب ہورہے ہیں۔ پاک ایران سرحد ہفتے میں صرف تین روز کھولی جاتی ہے اس دوران ایک دن میں 75 ایرانی تجارتی گاڑیوں کو پاکستان میں داخلے کی اجازت ہے۔

بقیہ شمال 46

کیا جہاں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ایک شدید زخمی محمد نواز کو مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کیا جارہا تھا کہ راستے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔

بقیہ شمال 47

اوڈیرہ اللہ یار گل حسن بہرانی کو اپنے آفس میں طلب کرکے تمام واقعات سے سختی سے نمٹنے کی ہدایات دی۔ ایس ایس پی جعفرآباد سید علی آصف شاہ کو بذریعہ ٹیلی فون احکامات جاری۔ امن امان کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد شباب عظیم لہڑی نے ڈیرہ اللہ یار میں بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی ودیگر کرائم پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی ایس پی ڈیرہ اللہ یار خاوند بخش کھوسو اور ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار گل حسن بہرانی کو اپنے آفس میں طلب تمام واقعات کا نوٹس لینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام پولیس پر بھروسہ کرتی ہے جسے بھی ختم نہیں ہونے دیں گے۔ آئے روز ہونے والے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام میں ناکامی افسوسناک ہے۔ عوام کی جان ومال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتے انہوں نے ڈی ایس پی خاوند بخش کھوسو اور ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار گل حسن بہرانی کو سختی سے ہدایت کی کہ اگر ایک ہفتے کے اندر تمام مسروقہ سامان اور ملزمان گرفتار نہیں ہوئے تو سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ شمال 48

سرفراز شاہوانی سالار حافظ مجیب الرحمن ملانکیل مولوی سعداللہ آغا حافظ سردار محمد نورزئی مفتی ابوبکر مولانا جمال الدین حقانی مفتی ایک محمد اور دیگر نے بجٹ میں مدارس اصلاحات کے لیے مختص کی گئی 5 ارب روپے کی رقم کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے اصلاح کے محتاج لوگ مدارس اصلاحات کے نام پر بیرونی ایجنڈوں کی تکمیل چاہتے ہیں یہ رقم ان ہی تعلیمی اداروں اور ان کے بے روزگار لاکھوں اساتذہ پر خرچ کیا جائے جو لاک ڈاؤن سے متاثر ہوکر بھیک مانگنے پر مجبور ہوچکے ہیں جنہوں نے مدارس کے بجلی گیس کے بل معاف کیے گئے نہ ریلیف فنڈ میں مدارس کے اساتذہ وطلبہ کا کوئی حصہ رکھا گیا اور اب مدارس اصلاحات کے لیے عین اس موقع پر اتنی خطیر رقم کا اختصاص سے منفی عزائم ظاہر ہورہے ہیں۔

بقیہ شمال 49

دونوں تنظیموں کے ساتھیوں کے موجودگی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دونوں تنظیموں نے ڈپٹی کمشنر لورالائی فیاض علی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور ان کو تحریری طور پر دیا کہ لورالائی ہسپتال جو اس وقت بلکل غیر فعال ہیں گائنی وارڈ میں کوئی لیڈی ڈاکٹرز ڈیوٹی پر حاضر نہیں ہوتی ہے جس کے وجہ سے زوجہ وبچہ دونوں کے کئی دفعہ اموات ہوئے ہیں اس کے پتہ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر ژوب ڈویژن دونوں کو ہے۔

بقیہ شمال 50

کے سینٹرز میں جب خواتین جاتی ہے تو گھنٹوں شدید گرمی اور پیاس کی حالت میں لائن میں انتظار کے بعد جب خواتین موبائل سے اپنا میسج دکھاتے ہے جس میں لکھا ہوا ہوتا ہے کہ قریبی سینٹر سے جا کر اپنے پیسے وصول کریں لیکن احساس ایمرجنسی پروگرام کے عملے والے حضرات آگے سے جواب دیتے ہے کہ جب آپ کے پاس موبائل میں دوسرا میسج آجائے تب پیسے لینے او جانا خواتین مایوسی کی حالت میں۔ واپس چلے جاتے ہے اور کیا پتہ دوسرا میسج او جائے یا نہیں اس لا مطلب یہ ہے کہ جو خواتین پڑھے لکھے نہیں ہوتی اور ان کے بچے آپنے ہوتے ہے جو دوسروں کو منت ساجت کرکے دوسروں کے موبائل سے اپنے پیسے معلوم کرتے ہیں اور اوپر سے ظالم احساس ایمرجنسی پروگرام کے عملے والے پیسے نہیں دیتے اور جھوٹ بول کر دھوکہ دیتے ہے اور یہ پیسے بعد میں کرپشن کی نظر ہو جاتے ہے اس لیے اعلیٰ حکام سے اپیل۔ کی جاتی ہے کہ اس ظالم عملے کے خلاف کارروائی کریں اور غریبوں کو اپنا حق دلائیں۔

بقیہ شمال 51

سربراہی میں تحصیلدار گنداواہ ہادی بخش چھنوڑ اور رسلدار عبدالحکیم ابڑو لیویز نفری کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مفرور و اشتہاری ملزم محمد علی ولد مانک قوم رند بدرالدین سکنہ پتری کو گرفتار کرکے لیویز تھانہ گنداواہ میں بند کردیا۔ مزید تفتیش لیویز کررہی ہے۔

بقیہ شمال 52

گلی محکوار میں ان کی رہائش گاہ پر جاری ہیں مرحوم قلات کے سینئر صحافی آغا قادر شاہ سابق فٹ بالر غلام شاہ مجیب شاہ سلطان شاہ کے ماموں سید حسین شاہ سید گل شاہ سید انور شاہ کے چچازاد بھائی تھے۔

بقیہ شمال 53

کے عوام کی دل آزاری ہوئی ہے فوری طور پر اپوزیشن رہنما معافی مانگیں اور اسطرح کے نازیبا الفاظ استعمال کرنے کے بجائے اپنی اوقات میں رہیں، انہوں نے کہا کہ سیاست اپنی جگہ پر ہے لیکن جام خاندان کی ذات پر جو بھی یہ گھٹیا حرکت کرے گا بلوچستان بالخصوص لسبیلہ کے لوگ اسکو کسی صورت برداشت نہیں کریگے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں اپنی سیاسی ساکھ کھو چکے ہیں عوام نے انہیں مسترد کردیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کی مدبرانہ پالیسوں کی بدولت بلوچستان ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہے ترقی وخوشحالی مخالفین کو ہضم نہیں ہورہی ہے اپوزیشن رہنماؤں نے ہمیشہ بلیک میلنگ کی سیاست کی ہے۔ سیاست اپنی جگہ پر ہے مگر جام خاندان کے خلاف اس طرح کے نازیبا الفاظ ہرگز برداشت نہیں کیے جائینگے۔

بقیہ شمال 54

تھا وہ دنیاوی معاملات سے الگ ملنگ تھا ایک ملنگ ٹائپ کے انسان کو قتل کرکے کیا پیغام جاتا ہے معاملہ اللہ کے سپرد کردیا گیا ہے پولیس انتظامیہ خود ہاتھ اٹھا کر بے بسی کا اظہار کررہے ہیں ان سے مجھے کوئی امید اور گلہ نہیں ہے۔

بقیہ شمال 55

رہائیں اور شہر وگردونواح میں پانی کی سپلائی نہ ہونے سے اس شدید گرمی میں علاقہ کربلا کا منظر پیش کرنے لگا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بار بار احتجاج کیا بار بار کیسکو سے مطالبہ کیا کہ مستونگ کے سٹی فیڈرز سے منسلک کئے گئے غیرقانونی طور زرعی ٹیوب ویلوں کو الگ فیڈرز سے منسلک کیا جائے حالانکہ سٹی فیڈرز صرف اور صرف شہر کے کمرشل وگریلوں صارفین کیلئے مختص ہوتے ہیں مگر یہاں کیسکو حکام نے کرپشن کیلئے سٹی فیڈرز کو زرعی ٹیوب ویلوں تک پہنچایا ہے جس سے آئے روز شہر کے سٹی فیڈرز کے جمپرز کٹ کر بجلی ٹرپ ہوجاتی ہے۔ ان غیرقانونی ٹیوب ویل کنکشنز کا رقم صرف کرپشن کی نظر ہورہی ہیں جس کا کوئی حساب کتاب نہیں۔

بقیہ شمال 56

عبدالوہاب کنرانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے وضاحت کی ہے کہ کل کھوسہ ہاؤس صحبت پور میں بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے آل پارٹیز کی پریس کانفرنس کے دوران ایک سلمان کھوسہ نامی شخص نے اپنے آپ کو پیپلز پارٹی کا ضلعی صدر کے نام سے ظاہر کرکے آل پارٹیز کی پریس کانفرنس میں سپورٹ کی جو کہ سلمان کھوسہ ضلعی صدر نہیں ہے انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ 2018 کے الیکشن میں پیپلز پارٹی کے آئین اور منشور کی خلاف ورزی کرکے پیپلز پارٹی کے امیدوار کے خلاف مہم چلا کر چند ٹکوں پر بلوچستان عوامی پارٹی کے امیدوار کو سپورٹ کی جس کی وجہ سے پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر علی مدد جتک نے نوٹس لے کر اسکی رکنیت معطل کرکے انکو ضلعی صدر سے ہٹا کر کریم بخش سیر کو ضلعی صدر صحبت پور منتخب کیا گیا جو کہ باقاعدہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے انہوں نے کہا کہ سلمان کھوسہ نامی شخص نے پیپلز پارٹی کو صحبت پور میں بدنام کردیا ہے آئے روز اپنے آپ کو ضلعی صدر کہے کر مختلف دفاتر کے آفیسران کو بلیک میل کرکے ایک قومی پارٹی کو بدنام کررہے ہیں انہوں وضاحت کی کہ سلمان کھوسہ پیپلز پارٹی کا صدر نہیں تمام ضلعی آفسران سیاسی سماجی رہنماؤں کو اپیل کرتے ہیں کہ ایسی جھوٹی باتوں پر نہ آئے۔

بقیہ شمال 57

اپ گریڈیشن ہے۔ جسکے لیے ڈسٹرکٹ جھل مگسی کے ایم پی اے نوابزادہ طارق خان مگسی، ایم این اے نوابزادہ خالد خان مگسی صاحب، سماجی اور سیاسی شخصیت بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری میر اسلم خان کی کاوشوں سے گنداواہ گرڈ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن منظور ہوئی ہے جو کہ 2021 کے آخر میں ہونی ہے۔ جس کے لیے گنداواہ کی سیاسی اور سماجی شخصیات سے گزارش ہے کہ وہ گرڈ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کے لئے اپنی کوششیں تیز کریں تاکہ جلد سے جلد گنداواہ گرڈ اسٹیشن کا کام اسٹارٹ ہوسکے اس حوالے سے سماجی تنظیم یگ اتحاد گنداواہ نے اپنے محسن نوابزادہ طارق خان مگسی (ایم پی اے) نوابزادہ خالد خان مگسی ایم این اے) اور باپ پارٹی ضلع جھل مگسی کے جنرل سیکرٹری سماجی اور سیاسی شخصیت میر محمد اسلم خان مگسی سے گزارش کی ہے کہ وہ گنداواہ گرڈ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کروائیں تاکہ گنداواہ اور اس کے مضافات میں آباد عوام کو ریلیف مل سکے۔

بقیہ شمال 58

کی جانب سے پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے ایک شریف خاندان سابق ایڈمنسٹریشن کے کلرک حاجی خاوند بخش کھوسہ کے خلاف کرپشن کا الزام عائد کرنا ایک سراسر ناانصافی اور ذاتیات پر اتر نا کچھ سے بالاتر ہے حاجی خاوند بخش کھوسہ ایک ساکھانی قوم کے معتبر شخصیت ہے وہ خاندانی زمیندار ہے جسکی آپ سردار داؤد خان کھوسہ سے معلومات لے سکتے ہیں ایسے خاندانی شخصیت پر ایک گھٹیا اور انسانیت سے گری ہوئے الزامات لگانا بلوچ روایات کے خلاف ہے جسکی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ شمال 59

غلام سرور علیزئی مصطفیٰ علیزئی الیاس بھٹی ودیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کا پیش کردہ بجٹ ملازم کش بجٹ ہے اس بجٹ سے ملازمین کے مسائل ومشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ مسترد کرتے ہیں آل ملازمین اتحاد نے ساتھ مل کر احتجاج کریگے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرکے ملازم دشمن اقدام کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ملک معیشت میں اہم کردار ادا کررہے ہیں مگر ملازمین کو نظرانداز کرنا ناقابل قبول ہے۔

بقیہ شمال 60

اور نواب خان نے اپنے صوبائی امیر بلوچستان جناب رانا محمد اشتیاق صاحب اور حافظ محمد احمد صاحب کا دل سے شکریہ ادا کیا کہ یہی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب عوام میں کثیر رقم تین لاکھ روپے تقسیم کیے جماعت ہمیشہ ملک وقوم کی خدمت کرتی ہے اور کرتی رہے گی ملی مسلم لیگ انشاءاللہ پاکستان کی سب سے بڑی جماعت ثابت ہوگی اور پاک فوج کے شانہ بشانہ ہے ملی مسلم لیگ غریبوں کی جماعت ہے۔

بقیہ شمال 61

کرعالمی ضمیر کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتا۔ وہ ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ کامران خان بازئی نے مزید کہا کہ بھارت میں اپنے عزیزواقارب سے ملنے کیلئے جانیوالے پاکستانیوں کو ناجائز طور پر گرفتار کرکے ان پر بہیمانہ تشدد کیا جاتا ہے۔

بقیہ شمال 62

ضلعی ہیڈکوارٹر میں ڈیوٹی دینے سے انکار کر اپنے گھروں کی میں آرام فرمارہے ہیں جبکہ ٹی ایچ کیو واشک ہیڈکوارٹر ہسپتال کی حالت ناگفتہ ہوچکی ہے ہسپتال میں پی پی ایچ آئی کے رحم وکرم سے نہ صرف ادویات عدم دستیاب ہے۔

بقیہ شمال 63

اللہ عبدالسلام ایڈوکیٹ اور محمد یوسف، عزیز اللہ کے بھائی تھے وہ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک پشین ڈاکٹر سلیم اللہ کاکڑ، اے جی آفس کے اکاؤنٹ آفیسر محمد نعیم کاکڑ، اے جی پی آر کے اکاؤنٹ افیسر محمد رحیم کاکڑ، انجینئر کریم کاکڑ، ایات ٹیچل کے فزیشن ڈاکٹر شوکت خان، حیات اللہ، بلال جان اچکزئی کے والد تھے۔

بقیہ شمال 64

مسلمان ملکوں پر ہوتا ہے۔ اقوام متحدہ کی مجرمانہ خاموشی نے اس کی حیثیت کو متنازعہ بنادیا۔ مسلمان حکمران اسلام اور امن کو درپیش مختلف چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے او آئی سی کو منظم اور فعال کریں۔ انسانی حقوق کے علمبردار مسلمانوں پر ہونیوالے جبر واستبداد کیخلاف آواز کیوں نہیں اٹھاتے۔

بقیہ شمال 65

ہسپتال ڈاکٹروں کی عدم حاضری اور غفلت سے شفاخانہ کی بجائے مقتل گاہ بن چکا ہے ڈاکٹرز کی عدم حاضری سیشرح اموات میں اضافہ ہورہی ہے شیخ زاید ہسپتال میں موت کا رقص ہمہ وقت جاری رہتا ہے۔ ہسپتال میں بہترین علاج نہ ہونے کی بنا پر عوام ان مقتل گاہ نما ہسپتالوں میں علاج کرانے پر مجبور ہیں۔

بقیہ شمال 66

نورالدین کاکڑ ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن نجیب لانگو، ڈپٹی ڈائریکٹر بورڈ آفس آصف لانگو ٹرانسپورٹ انچارج افغان رفیوجیز فیصل شاہوانی اور دیگر سینکڑوں افراد نے مرحوم کے بھائی عبدالمنان محمد حسنی نعیم محمد حسنی زوہیب محمد حسنی اوران کے کزن سردار یاسین لانگو حاجی شوکت محمد حسنی میر غلام نبی رند اور نوراحمد رند سے تعزیت کی۔

بقیہ شمال 67

تعداد میں شرکت کی جبکہ مرحومہ کی آبائی قبرستان خضدار بلوچستان میں تدفین کی گئی۔

بقیہ شمال 68

ٹوفیڈر کرنے سے پی ایچ ای کے واٹرسپلائی ٹیوب ویل بھی زد میں آگئے جس کے باعث شہر میں پینے کی پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا لوگ پانی کے حصول کیلئے دردر کی ٹوکرے کھانے پر مجبور ہوگئی ہیں۔

بقیہ شمال 69

1610 ارب روپے رکھا گیا ہے، قومی مالیاتی کمیشن کے تحت وفاق صوبوں کو 2874 ارب روپے کی ادائیگی کرے گا جبکہ آئندہ مالی سال کیلئے وفاق کی مجموعی آمدنی کا تخمینہ 3700 ارب روپے لگایا گیا ہے اور کل وفاقی اخراجات کا تخمینہ 7137 ارب روپے لگایا گیا ہے، آئندہ مالی سال کے بجٹ میں 3437 ارب روپے کا خسارہ ہے جو کہ مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کا 7 فیصد بنتا ہے، بیرونی وسائل سے 810 ارب روپے آمدنی کا تخمینہ لگایا گیا ہے، آئندہ مالی سال کے دوران براہ راست ٹیکسوں سے 2 ہزار 43 ارب روپے آمدن کا تخمینہ ہے، آئندہ مالی سال کے دوران بلواسطہ ٹیکسوں سے 2 ہزار 920 ارب روپے آمدن کا تخمینہ ہے، آئندہ مالی سال میں پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی مد میں 450 ارب روپے کی آمدن کا تخمینہ لگایا گیا ہے، قابل تقسیم محصولات سے آمدن کا تخمینہ 2 ہزار 817 ارب روپے لگایا گیا ہے جبکہ موٹر سائیکل اور رکشہ سستا ڈبل کیبن گاڑیاں، ای سگریٹ مہنگے، سگار، سگریٹ، انرجی ڈرنکس مہنگے، مہنگے اسکولوں پر ٹیکس دگنا، مقامی موبائل فون سستے اور بغیر شناختی کارڈ ٹرانزیکشن کی حد بڑھادی گئی ٹڈی دل کے خاتمے کے لیے 10 ارب روپے، کامیاب نوجوان پروگرام کے لیے 2 ارب روپے، فنکاروں کی مالی امداد کے لیے 25 کروڑ سے بڑھا کر ایک روپے مختص کئے گئے، کورونا وائرس کے تدارک کے لیے 12 سو ارب روپے سے زائد کے پیکیج کی منظوری دی گئی ہے، طبی آلات کی خریداری کے لیے 71 ارب روپے اور غریب خاندانوں کے لیے 150 ارب مختص کیے گئے ہیں، ہوٹل کی صنعت پر 6 ماہ کیلئے ٹیکس کی شرح ڈیڑھ فیصد سے کم کرکے 0.5 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے، ایمرجنسی فنڈ کے لیے 100 ارب روپے رکھے گئے ہیں، آزاد جموں کشمیر کے لیے 55 ارب، گلگت بلتستان کے لیے 32 ارب، خیبر پختونخوا میں ضم اضلاع کے لیے 56 ارب، سندھ کے لیے 19 ارب، بلوچستان کے لیے 10 ارب کی خصوصی گرانٹ رکھی گئی ہے۔ جمعہ کو اسپیکر اسد قیصر کی زیر صدارت قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے بجٹ پیش کیا۔ قومی اسمبلی میں مالی سال 21-2020 کی بجٹ تجاویز پیش کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے صنعت حماد اظہر نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کا دوسرا سالانہ بجٹ پیش کرنا میرے لیے اعزاز اور مسرت کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں اگست 2018 میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا، ہم نے ایک مشکل سفر سے ابتدا کی اور معیشت کی بحالی کے لیے اپنی کاوشیں شروع کی تاکہ وسط مدت میں معاشی استحکام اور شرح نمو میں بہتری لائی جاسکے، ہماری معاشی پالیسی کا مقصد اس وعدے کی تکمیل ہے جو ہم نے نیا پاکستان بنانے کے لیے عوام سے کررکھا ہے اور ہر گزرتے سال کے ساتھ ہم اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کے قریب ہوتے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 سال کے دوران ہمارے رہنما اصول رہے ہیں کہ کرپشن کا خاتمہ کیا جائے، سرکاری اداروں میں زیادہ شفافیت لائی جائے، احتساب کا عمل جاری رکھا جائے اور ہر سطح پر فیصلہ سازی کے عمل میں میرٹ پر مکمل درآمد کیا جائے۔ حماد اظہر نے کہا کہ ہمیں اپنے عوام کی صلاحیت پر پورا اعتماد ہے اور مطلوبہ اہداف کے حصول میں ان کے تعاون کی اشد ضرورت ہے، تحریک انصاف سماجی انصاف کی فراہمی، معاشرے کے کمزور طبقات کے حالات بہتر کرنے کے اصول پر کاربند ہے اور پسے طبقے کے لیے کام کرنے کا عزم رکھتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کرنے سے قبل میں ایوان کو یہ بتانا چاہوں گا کہ گزشتہ حکومت ورثے میں ہمیں کیا ملا، جب 2018 میں ہماری حکومت جب آئی تو ایک معاشی بحران ورثے میں ملا، اس وقت ملکی قرض 5 سال میں دوگنا ہوکر 31 ہزار ارب روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا تھا، جس پر سود کی رقم کی ادائیگی ناقابل برداشت ہوچکی تھی۔

Daily SHAL Quetta
4
14 جون 2020ء
روزنامہ شال کوئٹہ

بی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیمیں غیر معیاری کھانے پینے کی اشیاء تیار و فروخت کرنے والے مراکز کیخلاف کارروائی کررہی ہیں

ضلع بھر کے تمام دفاتر میں ماسک کے استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے' حافظ محمد قاسم کاکڑ

ماسک کے بغیر افراد کا ڈپٹی کمشنر آفس سمیت تمام دفاتر میں داخلے پر پابندی عائد ہوگی

نصیر آباد(ر ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے سختی سے ہدایات جاری کی ہیں کہ ضلع بھر کے تمام دفاتر میں ماسک کے استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے ماسک کے بغیر افراد کا ڈپٹی کمشنر آفس سمیت تمام دفاتر میں داخلے پر پابندی عائد ہوگی تمام سرکاری ملازمین بھی ماسک پہننے کے پابند ہونگے جبکہ عوام کی جانب سے کورونا وائرس کے متعلق غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جارہا ہے، مارکیٹس اور بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

کوہلو میں 80 مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کردیا گیا

کوہلو(این این آئی) کوہلو میں آل ڈس ایبل کے ضلعی آفیسر شاہ اللہ مری کی سربراہی میں لاک ڈاؤن سے متاثرہ مستحق افراد میں راشن تقسیم کردیا گیا آل ڈس ایبل کی جانب سے کوہلو ماوند، گرسنی سمیت مختلف علاقوں میں 80 خاندانوں بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

شہر میں ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کی جارہی ہے' ڈپٹی کمشنر پشین

پرانی اور خستہ حال عمارت میں جاری تعمیر ومرمت اور تمام کمروں میں رنگ وروغن اور سیلنگ کے کام کا جائزہ لیا

پشین(ر ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے ہفتے کے روز پشین یارو میں شاہراہ پر جاری سڑک کی تعمیراتی کام کا معائنہ کرتے ہوئے جاری کام کی رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایکسین بی اینڈ آر ایس کاکڑ نے بریف کے مطابق سڑک کی تعمیر کے بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ بی اینڈ آر اور متعلقہ ٹھیکیدار کو کام میں تیزی لانے اور کوالٹی برقرار رکھنے کا حکم دیا۔ معائنے کے دوران کام کا معیار تسلی بخش پایا گیا تاہم منصوبہ سست روی کا شکار تھا جس پر ایکسین بی اینڈ آر ایس کاکڑ اور ٹھیکیدار نے ڈپٹی کمشنر کو یقین دہانی کرائی کہ سڑک کا تعمیراتی کام رواں ماہ (جون) میں مکمل کرالیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے سڑک کی تعمیر میں معیاری میٹریل کے استعمال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبوں کی بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

بلوچستان عظیم مذہبی وروحانی رہنماں سے محروم ہوگیا' مولانا نجیب اللہ

چاغی(آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع چاغی کے امیر مولانا نجیب اللہ جنرل سیکرٹری سردار نجیب جان سنجرانی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ بلوچستان عظیم مذہبی وروحانی رہنماں سے محروم ہوگیا مولانا محمد شفیع لاشاری مولانا مفتی عبدالقادر شہید مولانا مفتی جان محمد الحاج سید محمد فضل آغا مولانا محمد مراد اور مولانا ابوبکر لاشاری کی وفات سے عظیم خلا پیدا ہوگیا ہے۔

حکومت نے معاشی ناکامیوں کا ملبہ کورونا پر ڈالنے کی کوشش کی ہے، علی مدد جتک

سلیکٹڈ حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کرکے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے

وفاقی بجٹ عوام اور ملک دشمن بجٹ ہے، پیپلز پارٹی وفاقی بجٹ کو مسترد کرتی ہے، صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے وفاقی بجٹ کو عوام اور ملازمین دشمن قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا، سلیکٹڈ حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کرکے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے پیپلز پارٹی دور میں سیلاب، زلزلہ، دہشتگردی کے باوجود تنخواہوں میں 100 فیصد سے زائد اضافہ کیا اس حکومت نے معاشی ناکامیوں کا ملبہ کورونا پر ڈالنے کی کوشش کی ہے معیشت کورونا سے پہلے ہی تباہ ہوچکی تھی حکومت کے اعداد وشمار پر یقین نہیں کیا جاسکتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

لاڑکانہ: سندھ کے مشہور ومعروف سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم بزرگ پیر سید غلام حسین شاہ بخاری غفاری سے خصوصی طور پر ملاقات کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی مدبرانہ پالیسوں کی بدولت بلوچستان ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہے' جمیل احمد باریچہ

اپوزیشن جماعتیں اپنی سیاسی ساکھ کھو چکے ہیں عوام نے انہیں مسترد کردیا ہے' ضلعی رہنما بی اے پی

اوتھل(نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی رہنما جمیل احمد باریچہ، امان اللہ بھوتانی، حبیب اللہ بھوتانی اور رئیس غلام سرور چھٹہ نے اپنے مشترکہ بیان میں اپوزیشن رہنماؤں کی جانب سے جام خاندان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ رکن صوبائی اسمبلی اختر حسین لانگو اور ملک نصیر شاہوانی عوش کے نا تجن لیس اور اپنے گریبان میں جھانکیں اپوزیشن رہنماؤں کی جانب سے جام خاندان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے سے بلوچستان بھر بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

میرے بھائی ممتاز دہواری کو بے دردی کے ساتھ شہید کیا گیا، حاجی محمد ایوب دہواری

پنجگور(این این آئی) پنجگور کے ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت حاجی محمد ایوب دہواری محمد اشرف ساگر، حاجی غفار رحیم ساسولی نے اپنے برادری کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرے بھائی ممتاز دہواری کو ناحق قتل کیا گیا وہ انتہائی پرامن اور شریف النفس انسان بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

سلمان کھوسہ نامی شخص نے پیپلز پارٹی کو صحبت پور میں بدنام کردیا ہے' رحیم بخش

حیردین(نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر رحیم بخش بہر ضلعی سیکرٹری اطلاعات یار محمد گولہ جنرل سیکرٹری غلام محمد کھوسہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری سور خان بروہی سیکرٹری اطلاعات دوئم غلام حیدر ناوڑا تحصیل حیردین کے صدر بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

غیرقانونی طور زرعی ٹیوب ویلوں کو الگ فیڈرز سے منسلک کیا جائے' میر سکندر خان ملازئی

سٹی فیڈرز صرف اور صرف شہر کے کمرشل وگریلوں صارفین کیلئے مختص ہوتے ہیں

مستونگ(این این آئی) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما وسابق سٹی ناظم میر سکندر خان ملازئی نے اپنے ایک مختلف بیان میں کہا ہے کہ کیسکو کے نااہل وکرپشن زدہ حکام کی جانب سے مستونگ سٹی کے بجلی کے سٹی فیڈرز کی بجلی لوڈ فیڈر کرنے سے ایک تو عوام کو پانی کے ایک ایک بوند کیلئے ترسا رہے ہیں تو دوسری جانب بجلی لوڈ فیڈر ہونے سے لوگوں کے بجلی کے قیمتی آلات جل گئے اور عوام کو سخت نقصان پہنچ بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

دنیا میں کورونا کے وائرس کے صورتحال کی وجہ سے تبدیلیاں لائی جارہی ہے بی ایس او

ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے مسائل حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

تربت(آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام بلوچستان میں آن لائن کلاسز کے ناقابل عمل فیصلے کے خلاف تربت میں ٹوکن بھوک ہڑتالی کیمپ آج تیسرے روز بھی جاری رہا جسمیں زونل صدر تنظیم بلوچ سینئر نائب صدر کریم شے نائب صدر اختیار جاوید ودیگر کارکنان کے شرکت کی اس موقعے پر کیچ کے مختلف سیاسی وسماجی وفود نے اظہار یکجہتی کیا اس موقعے پر بی ایس او کے رہنماؤں نے کہا کہ دنیا میں کورونا کے وائرس کے صورتحال کی وجہ سے تبدیلیاں لائی جارہی ہے۔

ملی مسلم لیگ کی جانب سے مستحقین میں کیش رقم تقسیم کی گئی

سبی(نامہ نگار) ملی مسلم لیگ کی جانب سے مستحقین میں کیش رقم تقسیم کی گئی تفصیلات کے مطابق ملی مسلم لیگ سبی کے ضلعی صدر میر سلیم خان مرغزانی، نعیم چاچڑ محمد قیوم، رحیم مرغزانی جہانگیر خان، حسین رند مظفر مرغزانی، گلاب جان زہری بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

بھارت نے انسانی حقوق کی پامالی میں سب کو پیچھے چھوڑ دیا: کامران بازئی

ہندوستان کے زندانوں میں اسیر پاکستانیوں پر مسلسل تشدد اور ان کا بہیمانہ قتل تشویشناک اور قابل مذمت ہے

بھارتی عدالتوں میں مقدمات کی سماعت کے دوران جج بھی پاکستانیوں کو تعصب اور انتقام کا نشانہ بناتے ہیں

لاہور(پ ر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ بلوچستان کے صوبائی صدر کامران خان بازئی نے کہا ہے کہ حسب اور بدستور بھارت نے انسانی حقوق کی پامالی میں سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بھارت میں جانے والے پاکستان کے عام شہریوں اور قیدیوں میں سے کسی کے بنیادی حقوق محفوظ نہیں۔ بھارت کی جیلیں پاکستانیوں کیلئے عقوبت خانوں سے بھی بدتر ہیں۔ بھارت کے زندانوں میں اسیر پاکستانیوں پر تشدد اور ان کا بہیمانہ قتل تشویشناک اور قابل مذمت ہے۔ بھارت اس قتل کو خودکشی کا رنگ دے بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

واشک کے ضلعی ہیڈکوارٹر بی ایچ یو ہسپتال زبوں حالی کا شکار ہے

واشک(آن لائن) واشک کے ضلعی ہیڈکوارٹر بی ایچ یو ہسپتال زبوں حالی کا شکار ہے ہسپتال کو پی پی ایچ آئی کے زیر نگرانی چلانے کے لیئے دی گئی ہے مگر واشک کے ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال میں ادویات اور ڈاکٹرز نہیں جبکہ ایک ڈاکٹر گزشتہ ڈیڑھ مہینوں سے اسپتال میں ادویات ودیگر ضروری سامان کے بغیر ڈیوٹی دینے پر مجبور ہیں جبکہ ضلع واشک سے تعلق رکھنے والے لوکل ڈاکٹرز واشک کے ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال میں ڈیوٹی دینے سے قاصر سفارش کی بنیاد کوئٹہ و دوسرے بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

بلوچستان کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک انتہائی زیادتی ہے' کہدہ بابر

ایک سال میں مکمل ہونے والا گوادر ایسٹ بے ایکسپریس وے بریک واٹر کے ایک ارب روپے کی پروجیکٹ کیلئے وفاقی پی ایس ڈی پی میں صرف 20 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں

وفاق میں پاکستان تحریک انصاف کے اتحادی جماعت کی حیثیت سے ہمیں حکومت سے اس طرح کی امید نہیں تھی' سینیٹر بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ(آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر کہدہ بابر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک انتہائی زیادتی ہے ہمیں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت سے ایسی امید نہیں تھی ایک ارب روپے کے منصوبے کیلئے صرف 20 کروڑ فنڈز رکھنا پروجیکٹ کو ناکام بنانے کی سازش ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ایک بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

محمد عیسیٰ محمد حسنی کے ایصال ثواب کیلئے فاتح خوانی کا سلسلہ چوتھے روز بھی جاری رہا

کوئٹہ(پ ر) محمد عیسیٰ محمد حسنی کے ایصال ثواب کیلئے فاتح خوانی کا سلسلہ چوتھے روز بھی جاری رہا گزشتہ روز ایم پی اے اختر حسین لانگو، سردار علی احمد پرکانی، سردار زادہ میر شیر باز لانگو کریم شفقت لانگو پیپلز پارٹی کے رہنما بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

عبدالقادر حسینی کی والدہ محترمہ 75 سال کی عمر میں رضائے الٰہی سے انتقال کرگئیں

لاڑکانہ(پ ر) درگاہ حسین آباد کے مشہور شیخ الحدیث مفتی عبدالقادر حسینی کی والدہ محترمہ 75 سال کی عمر میں رضائے الٰہی سے انتقال کرگئیں، جنازہ نماز میں حسینی فقراء نے بڑی بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

کراچی: پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما حلیم عادل شیخ اپوزیشن لیڈر فردوس شمیم نقوی سندھ اسمبلی کے باہر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ختم نبوت ﷺ کیلئے ہماری جان بھی حاضر ہے' عرفان محمود برق

عرفان محمود برق نے سندھ میں قادیانیوں کی بڑھتی ہوئی کفریہ سرگرمیوں پر روشنی ڈالی

لاڑکانہ(نامہ نگار) سندھ کے مشہور ومعروف سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم بزرگ پیر سید غلام حسین شاہ بخاری غفاری سے خصوصی طور پر ملاقات کرنے کیلئے سابق قادیانی رہنما پروفیسر عرفان محمود برق درگاہ حسین آباد پہنچ گئے۔ جہاں پر سابق قادیانی مرکزی رہنما پروفیسر عرفان محمود برق نے سندھ میں قادیانیوں کی بڑھتی ہوئی کفریہ سرگرمیوں پر روشنی ڈالی اور سید غلام حسین شاہ بخاری کو بتایا کہ قادیانی کس طرح سندھی غریب مسلمانوں کو پیسے کی لالچ دیکر اور خود کو مسلمان ظاہر کرکے انکے ایمان بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

پرامن اور جمہوری طریقے سے احتجاج ہر پاکستانی شہری کا جمہوری اور آئینی حق ہے' میر عثمان پرکانی

سابق وزیراعلیٰ مرحوم میر جام یوسف کے خلاف جو نازیبا زبان کا استعمال قابل مذمت ہے، ریلی سے خطاب

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر عثمان پرکانی کی قیادت میں اپوزیشن ارکان اسمبلی کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے خلاف نازیبا الفاظ کے خلاف ہفتہ کو سریاب روڈ سے ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کرگئی ریلی کے شرکاء سے میر عثمان پرکانی، مولوی عبدالحکیم، مولوی کلیم سلطان تحصیل، محمد اللہ اچکزئی سلام بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

کورونا وائرس کے باعث ایرانی سرحد کی جزوی بندش سے آموں کی برآمد شدید متاثر

پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں آموں سے لدے سیکڑوں ٹرک پھنس گئے ہیں

تفتان(آن لائن) کرونا وائرس کے باعث ایرانی سرحد کی جزوی بندش سے آموں کی برآمد شدید متاثر پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں آموں سے لدے سیکڑوں ٹرک پھنس گئے ہیں شدید گرمی میں کئی روز سے پھنسے گاڑیوں میں آم گلنے سڑنے لگے کورونا وائرس کے باعث پاک ایران سرحد ہفتے میں 3 روز کھولی جاتی ہے جس سے محدود پیمانے پر صرف ایران سے آنے والی گاڑیوں کو پاکستان میں داخلے کی اجازت دی جارہی ہے جس کے باعث آموں بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

قومی شاہراہ پر نواب ہوٹل کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 1 زخمی

مستونگ(این این آئی) قومی شاہراہ پر نواب ہوٹل کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 1 زخمی پولیس کے مطابق ہفتہ کو قومی شاہراہ پر نواب ہوٹل کے قریب دو موٹر سائیکلوں کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں دو افراد شبیر احمد اور محمد نواز زخمی ہوگئے پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

لورالائی ہسپتال غیر فعال پینے کے پانی سے ہیپاٹائٹس بی پھیلنے کا خطرہ بڑھ گیا ہیں

لورالائی ہسپتال جو اس وقت بالکل غیر فعال ہیں کا کئی وارڈ میں کوئی ٹی سیل ڈاکٹر ڈیوٹی پر حاضر نہیں ہوتی ہے

لورالائی(آن لائن) لورالائی ہسپتال غیر فعال پینے کے پانی سے ہیپاٹائٹس بی پھیلنے کا خطرہ بڑھ گیا ہیں ڈپٹی کمشنر لورالائی کو تحریری طور پر آگاہ کردیا۔ ان خیالات کا اظہار سٹیزن ایکشن کمیٹی لورالائی کے چیئرمین محمد اخلاص حمزہ زئی اور انصاف فرنٹ کے چیئرمین اسفندیار خان کاکڑ اور بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

وزیراعظم کے احساس ایمرجنسی پروگرام میں بڑے پیمانے پر کرپشن ہورہی ہے، عبدالرحمن بڑیچ

اعلیٰ احکام اس ظالم عملے کے خلاف کاروائی کریں اور غریبوں کو اپنا حق دلائیں

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت اسلام شالدرہ حلقہ 20 کے امیر عبدالرحمن بڑیچ، سرفرست اعلیٰ عبدالستار خان درانی جنرل سیکرٹری ظہور احمد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم کے احساس ایمرجنسی پروگرام میں بڑے پیمانے پر کرپشن ہورہی ہے احساس ایمرجنسی پروگرام بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

کوئٹہ: چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ عطاء اللہ بلوچ سے جے یو آئی کے رہنما شکیل خان ناصر ملاقات کررہے ہیں

سماجی تنظیم ینگ اتحاد گنداواہ کے وفد کی ایل ایس واپڈا عمران علی راہوجہ سے ملاقات

ملاقات میں حالیہ بجلی کی صورتحال کے حوالے سے بات ہوئی ایل ایس واپڈا صاحب نے اپنا موقف پیش کی

گنداواہ(نامہ نگار) سماجی تنظیم ینگ اتحاد گنداواہ کے وفد کی ایل ایس واپڈا عمران علی راہوجہ سے ملاقات ملاقات میں حالیہ بجلی کی صورتحال کے حوالے سے بات ہوئی جس کے جواب میں ایل ایس واپڈا صاحب نے اپنا موقف پیش کرتے ہوئے کہاں کہ گنداواہ گریڈ اسٹیشن میں 200 کے۔وی کی سپلائی ہے جب کہ آبادی بڑھنے اور بجلی کا استعمال زیادہ ہونے کی وجہ سے بجلی کی متواتر فراہمی ممکن نہیں ہے۔ اور لوڈ ہونے کی وجہ سے بجلی ٹرپ کرجاتی ہے اس کے مستقل حل گنداواہ گریڈ کی بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

میونسپل ایمپلائز یونین مستونگ نے وفاقی بجٹ مسترد کردیا، ملک شارخ خان علیزئی

بجٹ میں ملازمین کے تنخواہوں میں اضافہ نہ کرکے حکومت نے ملازمین کو خودکشی پر مجبور کررہے ہیں

مستونگ(این این آئی) میونسپل ایمپلائز یونین مستونگ نے وفاقی بجٹ مسترد کردیا اور بجٹ کو ملازم کش بجٹ قرار دے دیا بجٹ میں ملازمین کے تنخواہوں میں اضافہ نہ کرکے حکومت نے ملازمین کو خودکشی پر مجبور کررہے ہیں ایسے بجٹ کو ملازمین کسی صورت قبول نہیں کرینگے ان خیالات کا اظہار میونسپل ایمپلائز یونین مستونگ کے صدر ملک شارخ خان علیزئی شاہ محمد صالح محمد باروزئی بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

موجودہ بجٹ کو ہم مسترد کرتے ہیں یہ بجٹ نہیں ہے غریب کش بجٹ کہا جائے' علی حسن بلوچ

موجودہ بجٹ کو فوری طور پر ختم کرکے نیا بجٹ غریب عوام کے مرضی اور اشتراک سے بنائی جائے

اوستہ محمد(آن لائن) موجودہ بجٹ کو ہم مسترد کرتے ہیں یہ بجٹ نہیں ہے غریب کش بجٹ کہا جائے گا ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی تحصیل اوستہ محمد کے سابق صدر علی حسن بلوچ نے کہیں انہوں نے کہا کہ یہ غریب دشمن یا غریب کش بجٹ ہے انہوں نے کہا کہ عوام میں نے آئی ایم ایف بجٹ کو مسترد کردیا ہے، اور کہا کہ اس بجٹ سے غریب عوام کو کوئی فائدہ نہیں ملا ہے صرف لفظوں کی ہیرا پھیری ہے کوئی بجٹ نہیں ہے۔

شیخ زید ہسپتال ڈاکٹروں کی عدم حاضری اور غفلت سے شفا خانہ کی بجائے مقتل گاہ بن چکا ہے

ڈاکٹرز کی عدم حاضری سے شرح اموات میں اضافہ ہورہی ہے' حاجی حبیب اللہ صافی

کوئٹہ(آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری عبداللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی ضلعی سرپرست مولانا عبدالرحیم نائب امیر مولانا نیاز محمد، نائب امیر حاجی داد محمد مولانا اللہ بخش ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم ڈپٹی کنوینر مولوی رحمت اللہ حقانی تحصیل کچلاک امیر مفتی رحمت اللہ معاون کنوینر مولانا خیر محمد معاون کنوینر مولوی عبدالصمد و دیگر نے کہا کہ شیخ زید بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

جمعیت علماء اسلام امت مسلمہ کی حقیقی مذہبی وسیاسی نمائندہ پلیٹ فارم پر ہے' مولانا حافظ محمد یوسف

کارکن اکابرین جمعیت کی ہدایات پر عمل کرکے شائستگی کے ساتھ پیغام جمعیت کو عام کرنے کی سعی کرے

چمن(آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی شوریٰ کے رکن مولانا حافظ محمد یوسف نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام امت مسلمہ کی حقیقی مذہبی وسیاسی نمائندہ پلیٹ فارم پر ہے کارکن اکابرین جمعیت کی ہدایات پر عمل کرکے شائستگی کے ساتھ پیغام جمعیت کو عام کرنے کی سعی کرے جمعیت علماء اسلام کے ہر سطح کے کارکن شائستگی اور دلیل سے مخالفین کے پروپیگنڈے اور سازشوں کو بے نقاب کرے۔

مستونگ شہر وگردونواح میں پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا

عوام پانی کے ایک ایک بوند کو ترس گئے ٹیکر مافیاں کی من مانی ریٹ کم ہونے پر پانی کا سپلائی کرنا بند کردیا

مستونگ(این این آئی) مستونگ شہر وگردونواح میں پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا عوام پانی کے ایک ایک بوند کو ترس گئے ٹیکر مافیاں کی من مانی ریٹ کم ہونے پر پانی کا سپلائی کرنا بند کردیا عوام گلیوں میں پانی لے کر سرگرداں گھومتے ہے مگر پانی میسر نہیں کیسکو نے بجلی لائنوں کو ڈوفیڈر کرکے عوام کو ذلیل کردیا تفصیلات کے مطابق کیسکو کی جانب سے زرعی ٹیوب ویلوں کی بجلی بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

نئی بجٹ میں پٹرول کے ٹیکس کو 43 فیصد سے بڑھا کر 73 فیصد کیا گیا ہے' نیشنل پارٹی

عالمی مارکیٹ میں پٹرول سستا ہے اسکے اثرات براہ راست عوام پر پڑیں گے

معاشی ترقی اور عوام کو اسوقت ریلیف ملے گا جب ریاست فلاحی اور جی ڈی پی کا زیادہ حصہ سماجی شعبے میں خرچ کرے، مرکزی ترجمان

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سردار ورد محمد ناصر کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

کوئٹہ(این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے وفاقی بجٹ کو عوام دشمن بجٹ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول کے ٹیکس کو 43 فیصد سے بڑھا کر 73 فیصد کیا گیا جبکہ عالمی مارکیٹ میں پٹرول سستا ہے اسکے اثرات براہ راست عوام پر پڑیں گے اور مہنگائی میں اضافہ ہوگا اسی طرح 43 اداروں کو پرائیویٹ سیکٹر میں دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس میں اسٹیل مل اور دو ادارے شامل ہیں جس میں لاکھوں لوگ ملازم ہیں اس سے بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 14 اداروں کی ذمہ داری صوبوں کو دی جائے گی جس سے انکے مالی بوجھ میں اضافہ ہوگا جبکہ اس سے قبل 18 ویں ترمیم میں 17 وزارتیں صوبوں کو منتقل کی گئیں اور کنکرنٹ لسٹ کے 43 سبجیکٹ کی ذمہ داری بھی صوبوں کو دی گئی لیکن بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

مدارس اسلامیہ کے تعلیمی نظام حکومت سے ڈھکا چھپا نہیں ہے' مولانا عبدالرحمن رفیق

اصلاح کے محتاج لوگ مدارس اصلاحات کے نام پر بیرونی ایجنڈوں کی تکمیل چاہتے ہیں

جمعیت علماء اسلام کسی بھی صورت دینی مدارس کی آزادی وحریت پر کمپرومائز کیلئے تیار نہیں ہے

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا محمد ایوب ایوبی مفتی غلام نبی مجددی مولانا اشرف جان مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی مفتی عبدالغفور مدنی حافظ شبیر احمد مدنی مفتی رحمت اللہ حافظ سراج الدین مفتی عبدالسلام ریکسانی حاجی ولی محمد بڑیچ ظفر اللہ کاکڑ حاجی محمد شاہ لالا حافظ مسعود احمد میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف حاجی قاسم خان خلجی ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ میر بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد نے جعفر آباد میں بڑھتی ہوئی کرائم کا نوٹس لے لیا

کوئٹہ(ر ن) ڈی آئی جی نصیر آباد رینج شہاب عظیم لہڑی کی آفس سے جاری کردہ بیان کے مطابق ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد نے جعفر آباد میں بڑھتی ہوئی کرائم کا نوٹس لے لیا۔ ڈی ایس پی ڈیرہ اللہ یار خدا بخش کھوسو اور ایس ایچ بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

ناقص حکومتی پالیسیوں نے 51 ارب ڈالر کی معیشت تباہ کردی ہے، کبیر محمد شہی

تبدیلی سرکار نے 71 کھرب 37 ارب روپے کے وفاقی بجٹ میں بلوچستان جو ملک کا نصف حصہ ہے کیلئے صرف دس ارب مختص کیے ہیں

گلگت بلتستان جس کا رقبہ بلوچستان کے قومی اسمبلی کے ایک حلقے سے بھی کم ہے کیلئے بلوچستان سے آٹھ گنا زیادہ بجٹ رکھا گیا ہے' سینیٹر

کوئٹہ(آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ تبدیلی سرکار نے 71 کھرب 37 ارب روپے کے وفاقی بجٹ میں بلوچستان جو ملک کا نصف حصہ ہے کیلئے صرف دس ارب مختص کیے ہیں جو ناانصافی کی انتہا ہے بلکہ ایک ارب روپے بھی نہیں بنتے رواں بجٹ میں بھی بلوچستان کیلئے 80 ارب روپے مختص کیے گئے مگر ریلیز صرف 14 ارب روپے ہوئے جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ وفاق بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

حب: 6 کروڑ روپے کی لاگت سے حب بائی پاس پراجیکٹ کے مختلف سیکشن پر کام تیزی سے تکمیل کے مراحل میں ہے

اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد اعجاز سرور کی سربراہی میں لیویز فورس گنداواہ کی کاروائی ایک اشتہاری ملزم گرفتار

گنداواہ(نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد اعجاز سرور کی سربراہی میں لیویز فورس گنداواہ کی کاروائی ایک اشتہاری ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد اعجاز سرور کی بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

قلات کے سینئر صحافی آغا قادر شاہ کے ماموں سید محمد شاہ دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے

قلات(این این آئی) قلات کے سینئر صحافی آغا قادر شاہ کے ماموں سید محمد شاہ دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے نماز جنازہ اور تدفین میں قلات کے سیاسی قبائلی رہنماؤں اور صحافیوں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی فاتحہ خوانی بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

اس وقت ٹڈی دل نے پورے ملک میں زمیندار طبقے کو شدید نقصان پہنچایا ہے، سعید مہر حسنی

ہماری ٹیم اس وقت پوری طرح الرٹ ہے اور کام کررہی ہے تاکہ زراعت سے وابستہ لوگوں کی مشکلات دور ہوسکیں

بالگتر(این این آئی) فیلڈ اسسٹنٹ محکمہ زراعت سعید مہر حسنی کی سربراہی میں ٹڈی دل سے متاثرہ علاقوں پیتاپ، جوئے شاہ سلیم، گرزک، کلاگ، دشت لیلا میں محکمہ زراعت کے ٹیم نے اسپرے کئے جبکہ بالگتر روڈ کے علاقوں میں بھی ٹڈی دل تلف کرنے والے دوا تقسیم کئے جن میں پنجکان، بابا، چاہوک، مند، جوز، بزکوئی، گورکادان شامل ہیں۔ اس موقع پر فیلڈ اسسٹنٹ محکمہ زراعت سعید مہر حسنی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ٹڈی دل نے پورے ملک میں زمیندار طبقے کو شدید نقصان پہنچایا ہے اور ہم نے اس حوالے سے بالگتر کے مختلف علاقوں میں ٹڈی دل تلف کیے ہیں۔

ضلع صحبت پور میں بننے والے متحدہ اپوزیشن الائنس ایک بہترین اور خوش آئند اقدام ہے' میر غلام یاسین خان کھوسہ

صحبت پور(نامہ نگار) متحدہ اپوزیشن اتحاد کے رہنما متحدہ اقوام کے معروف شخصیت میر غلام یاسین خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ضلع صحبت پور میں بننے والے متحدہ اپوزیشن الائنس ایک بہترین اور خوش آئند اقدام ہے انھوں نے کہا ہے کہ یہ اپوزیشن اتحاد کسی شخص اور نہ ہی کسی سیاسی پارٹی کے خلاف ہے بلکہ غریب عوام کے حقوق اور انکے جائز مسائل اور علاقے میں ترقیاتی کام نہ ہونے سے صرف چند لوگوں کو نوازنے کے خلاف آواز بلند کرنا ضروری ہے انھوں نے کہا کہ گزشتہ روز کھوسہ ہاؤس میں بلوچستان عوامی پارٹی بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

حکومت مسنگ پرسنز کو بازیاب نہیں کرسکی اور نہیں گوادر کے مسائل کو حل کرنے میں سنجیدہ ہے' پرنس موسیٰ جان بلوچ

بلوچستان میں اب بھی سانحہ تربت و برشش جیسے واقعات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں

قلات(این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر پرنس موسیٰ جان بلوچ نے کہا ہے کہ بہت افسوس کی بات ہے کہ وزیراعظم عمران خان بی این پی کا قدر نہیں کررہا ہے وزیراعظم نے سردار اختر جان مینگل کے ساتھ جو وعدے کیئے تھے ان پر عملدرآمد نہیں کیا جارہا ہے حکومت مسنگ پرسنز کو بازیاب نہیں کرسکی اور نہیں گوادر کے مسائل کو حل کرنے میں سنجیدہ ہے بلوچستان میں اب بھی سانحہ تربت و برشش جیسے واقعات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اگر وزیراعظم بی این پی کے ساتھ دوستی نہیں کرنا چاہتے ہیں تو بی این پی حکومتی اتحاد سے الگ ہوجائے ہم سب سردار اختر جان مینگل کے ساتھ ہیں۔

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری ماڈل ہائی سکول پشین میں پرانی اور خستہ حال عمارت کی تعمیر ومرمت اور رنگ وروغن کا جائزہ لے رہے ہیں

اقوام متحدہ مسلمانوں کے حقوق کی پامالی کا حساب دے' سلمان پرویز

انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے قیام کا بنیادی مقصد مظلوم اور محکوم مسلمانوں کی ترجمانی اور وکالت کرنا ہے

لاہور(پ ر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے مرکزی سینئر نائب صدر سلمان پرویز نے کہا ہے کہ برما، بھارت، کشمیر، فلسطین اور شام کے مظلوم مسلمانوں کے حقوق پامال ہورہے ہیں، اقوام متحدہ اس پامالی کا حساب دے۔ کیا اقوام متحدہ کے ضابطہ اخلاق کا اطلاق صرف بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

مرحوم ملک حاجی محمد علی کاکڑ کے فرزند حاجی کلیم اللہ کاکڑ انتقال کرگئے

کوئٹہ(پ ر) مرحوم ملک حاجی محمد علی کاکڑ کے فرزند حاجی کلیم اللہ کاکڑ انتقال کرگئے وہ حاجی نصراللہ، حاجی سمیع اللہ، ظفر اللہ، حاجی نصیب اللہ، زین اللہ کاکڑ، امین اللہ، عزت بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

تربت، خواتین سمیت 62 افراد کورونا وائرس میں مبتلا، مزید 40 کیسز مثبت

سرکاری ذرائع کیمطابق ہفتے کو مزید 40 کیسز مثبت آئے ہیں' جبکہ 68 کیسز ابھی تک نہیں آئے ہیں

ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت کیڈاکٹرز کیساتھ ملکر بھرپور کام کررہی ہے' کورونا وائرس اب انفرادی جنگ بن چکا ہے

تربت(آن لائن) تربت میں خواتین سمیت 62 افراد کورونا وائرس بیماری میں مبتلا ہیں سرکاری ذرائع کیمطابق ہفتے کو مزید 40 کیسز مثبت آئے ہیں جبکہ 68 کیسز ابھی تک نہیں آئے ہیں، ضلع کیچ تربت سے ٹوٹل 403 افراد کے سیمپل لیے گئے ہیں ایک کورونا وائرس کیس مریض صحتیاب ہوگیا ہے اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کیچ ریٹائرڈ میجر محمد الیاس کبزئی نے "آن لائن" کو بتایا کہ ضلع کیچ میں حالات کنٹرول میں ہیں، شہری پریشان بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

ژوب: صوبائی وزیر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ وماحولیات مٹھا خان کاکڑ مرحوم عبدالجلیل مردانزئی کی فاتحہ خوانی کررہے ہیں